Member AKNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com

dailydharti@gmail.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: اعجاز قمر

جلد02 | پیر 26 ستمبر 2022ء 28 صفر المظفر 1444ھ 12 اسوج 2079 ب | صفحات04 / قیمت15 روپے | شمارہ نمبر225

راولاکوٹ: کیپٹن حسین خان شہید پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ میں منعقدہ علمی وادبی تقریبات کے آخری روز مختلف کالجز کے مابین منعقدہ انگریزی و اردو مباحثہ کی تقریب سے مقررین خطاب کر رہے ہیں۔

پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ میں علمی و ادبی تقریبات اختتام پذیر کھیلوں کی چار روزہ سرگرمیوں کا آغاز

تین روزہ علمی و ادبی تقریبات کے دوران کالج کے اپنے طلباء کے درمیان نعت خوانی اور بیت بازی کے مقابلے ہوئے، تقریبات کے آخری روز اردو اور انگریزی زبان میں مباحثہ کا اہتمام

ثقافت و کلچر کو فروغ دینے کے لیے نادر اشیا، ضروریات زندگی کی قدیم اشیاء کی نمائش، پہاڑی مشاعرہ کا اہتمام کیا گیا جس میں نامور شعراء نے کلام پیش کیا، کتاب میلہ میں ملک بھر سے پبلشرز کی شرکت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) کیپٹن حسین خان شہید گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ میں منعقدہ علمی و ادبی تقریبات کے اختتام پر اب چار روزہ کھیلوں کی سرگرمیاں شروع ہوگئی ہیں۔ قبل ازیں تین روزہ علمی و ادبی تقریبات کے دوران کالج کے اپنے طلباء کے درمیان نعت خوانی اور بیت بازی کے مقابلے منعقد ہوئے۔ جبکہ تقریبات کے آخری روز اردو اور انگریزی زبان میں مباحثہ کا اہتمام کیا گیا جس میں آزاد کشمیر کے دیگر کالجز نے بھی حصہ لیا۔ اردو مباحثہ جس کا عنوان ''زوال بندہ مومن کا بے زری سے نہیں'' میں شامل ججز جن میں پروفیسر ذوالفقار خان، پروفیسر عبدالصبور شیدائی، وسیم اعظم خان (اسسٹنٹ ڈائریکٹر پونچھ میڈیکل کالج) شامل تھے کے مرتب کردہ نتائج کے مطابق پہلی پوزیشن کیپٹن حسین خان شہید گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ کی طالبہ تقدیس گیلانی نے حاصل کی۔ دوسری پوزیشن گورنمنٹ کالج راولاکوٹ کے صیام آصف جبکہ گورنمنٹ ماڈل سائنس کالج باغ کی ردہ سید نے حاصل کی۔ انگریزی مباحثہ میں ججز جن میں پروفیسر اشتیاق خان، پروفیسر علی رضوان اور پروفیسر خالد محمود شامل (بقیہ 38 صفحہ 03 پر)

باغ: سی پی ڈی آر کے زیراہتمام بلدیاتی الیکشن خواتین اور نوجوانوں کا کردار پر گول میز کانفرنس سے سینئر سیاسی شخصیت ذوالفقار عباسی، راجہ ارشاد، ارشاد محمود و دیگر خطاب کر رہے ہیں۔

راولاکوٹ جعلی پاسپورٹ بنانے کے الزام میں سہولت کار سمیت 6 گرفتار

گرفتار ہونے والوں میں پاسپورٹ آفس کا ایک اہلکار، ایک سہولت کار، ایک خاتون، دو افغانی، ڈرائیور شامل ہیں

محسن رضا نامی سہولت کار قبل ازیں پاسپورٹ آفس کا ملازم رہ چکا ہے، بھاری رقوم کے عوض پاسپورٹ بنوانے کا اعتراف

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جعلی پاسپورٹ بنانے کے الزام میں ایک گروہ کو گرفتار کرلیا گیا ہے، گرفتار ہونے والوں میں پاسپورٹ آفس کا ایک اہلکار، ایک سہولت کار، ایک خاتون، دو افغانی، ڈرائیور شامل ہیں، یہ کارروائی سپیشل برانچ کی طرف سے دی گئی اطلاع پر عمل میں لائی گئی، گرفتار افراد کو تھانہ راولاکوٹ منتقل کیا گیا ہے جہاں ان سے تفتیش جاری ہے، ذرائع نے بتایا ہے کہ سہولت کار نے ایک خاتون کو محض مہرہ کے طور پر ساتھ رکھا ہے اور (بقیہ 28 صفحہ 03 پر)

بلدیاتی الیکشن سے نئی لیڈرشپ سامنے آئیگی خطہ خوشحالی کی طرف جائیگا گول میز کانفرنس

بلدیاتی نظام کے بغیر جمہوری نظام حکومت مکمل ہی نہیں ہوتا، بلدیاتی نظام ہی ہے جو عام شہریوں کو کاروبار حکومت میں شریک کرتا ہے

سینٹر فار پیس، ڈیولپمنٹ اینڈ ریفارمز کے زیراہتمام کانفرنس سے ذوالفقار عباسی، ارشاد محمود، راجا ارشاد، کوثر حسین کوثر و دیگر کا خطاب

باغ (دھرتی نیوز) مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور ممتاز سماجی کارکنوں نے 31 سال بعد آزاد کشمیر میں ہونے والے بلدیاتی الیکشن کے انعقاد کو سراہاتے ہوئے امید ظاہر کی کہ بلدیاتی الیکشن آزاد کشمیر کے سماجی، سیاسی اور اقتصادی ڈھانچہ کو مثبت طور پر بدلیں گے۔ سینٹر (بقیہ 39 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان کوٹلہ ویلی ٹورازم گالا 2022ء کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

یو این آفس کے سامنے کشمیریوں کا بھارت کے خلاف احتجاج

مظاہرین نے گو مودی گو، مودی دہشت گرد، مودی کشمیریوں کا قاتل، انڈیا کشمیر سے نکل جاؤ، اقوام متحدہ کشمیریوں کو حق خودارادیت دے، کے نعرے لگائے، مظاہرین نے، بینرز، پلے کارڈز اور پینا فلیکس اٹھا رکھے تھے

اب وقت آگیا ہے کہ کشمیریوں کو سفارتی محاذ پر مسئلہ کشمیر کے حل اور مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی مظالم بند کرانے کے لئے بھرپور آواز اُٹھانا ہوگی، صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کا مظاہرین سے خطاب

نیویارک (دھرتی نیوز) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے بھارتی وزیرخارجہ کے خطاب کے موقع پر نیویارک میں اقوام متحدہ کے دفتر کے سامنے صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کی قیادت میں ہزاروں کشمیریوں اور پاکستانیوں کا زبردست احتجاجی مظاہرہ۔ اس موقع پر مظاہرین نے بھارت اور نریندر مودی کے خلاف زبردست نعرہ بازی کرتے ہوئے گو مودی گو، مودی دہشت گرد، مودی کشمیریوں کا قاتل، انڈیا کشمیر سے نکل جاؤ، اقوام متحدہ کشمیریوں کو حق خود ارادیت دے، ہم کیا چاہتے آزادی کے فلک شگاف نعرے لگائے، مظاہرین نے انہی نعروں پر مشتمل سلوگن، بینرز، پلے کارڈز اور پینا فلیکس اٹھا رکھے تھے، مظاہرین نے آزاد کشمیر کے جھنڈے اٹھا رکھے تھے۔ اس مظاہرے میں نیو یارک سمیت امریکہ بھر سے کشمیریوں اور (بقیہ 37 صفحہ 03 پر)

پی جی سی راولاکوٹ میں کتاب میلہ ایک سٹال پر پولیس کا چھاپہ چند کتابیں ضبط

یہ سٹال ''دنکس'' نامی ادارہ نے لگایا تھا جو میرپور میں پبلشنگ کا کام کرتا ہے، مجسٹریٹ درجہ دوئم کی نگرانی میں چھاپہ مارا گیا

اگر انتظامیہ کے پاس کسی کتاب پر پابندی لگائے جانے کا نوٹیفکیشن موجود تھا تو اسے کالج انتظامیہ کے ساتھ شیئر کرنا چاہیے تھا، پرنسپل

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ضلعی انتظامیہ نے گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ میں منعقدہ کتاب میلہ کے تیسرے روز ایک سٹال پر چھاپہ مار کر چند کتابیں ضبط کرلیں۔ یہ سٹال ''دنکس'' نامی ادارہ نے لگایا تھا جو میرپور (بقیہ 40 صفحہ 03 پر)

صدر مملکت کی شمالی وزیرستان میں پاک فوج کے جوانوں کی شہادت پر تعزیت

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے شمالی وزیرستان کے علاقے ایشام میں دیسی ساختہ بم پھٹنے سے نائب صوبیدار جاوید اقبال اور نائیک حسین احمد کی شہادت پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ عارف علوی نے (بقیہ 36 صفحہ 03 پر)

وزیراعظم آزاد کشمیر تنویر الیاس خان کا دورہ پٹھکہ نصیر آباد

سیاحتی پٹی قائم کر کے 6 سو مقامی افراد کو روزگار دینے کا اعلان

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد جموں کشمیر سردار تنویر (بقیہ 41 صفحہ 03 پر)

نیو یارک: صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اقوام متحدہ کے دفتر کے سامنے کشمیریوں کے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کر رہے ہیں، اس موقع پر ڈاکٹر غلام نبی فائی، سردار سوار خان، اور دیگر کشمیری رہنما بھی موجود ہیں۔

بے ہودہ کلچر ناقابل برداشت وزیراعظم فوری لطیف اکبر سے معافی مانگیں عابد حسین عابد

تنویر الیاس عمران خان اور پی ٹی آئی کے بدتمیزی کے کلچر کو یہاں فروغ دینا چاہتے ہیں جسکی قطعاً اجازت نہیں دی جاسکتی

لطیف اکبر نصف صدی سے آزاد کشمیر میں سیاست کر رہے ہیں اور عوامی حقوق اور جمہوریت کے حوالہ سے انکی خدمات ہیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر کے سابق وزیر اطلاعات، پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سردار عابد حسین عابد نے وزیراعظم سردار تنویر الیاس کی جانب سے اپوزیشن لیڈر چوہدری لطیف اکبر کے خلاف ہرزہ سرائی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تنویر الیاس عمران خان اور پی ٹی آئی کے بدتمیزی کے کلچر کو یہاں فروغ دینا چاہتے ہیں جسکی قطعاً اجازت نہیں دی جاسکتی۔ چوہدری لطیف اکبر آزاد کشمیر کے سینئر سیاستدان اور (بقیہ 42 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال نویں انٹرنیشنل جوڈیشل کانفرنس کے موقع پر چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں۔

راولاکوٹ پہلی ویمن لیڈرشپ کانفرنس ڈاکٹر ریحانہ کوثر سمیت نامور خواتین کی شرکت

ہمارے ہاں ایسے ادارے نہیں ہیں جو خواتین کی کیریئر کونسلنگ میں ان کی معاونت کرسکیں، اس کے باوجود خواتین کلیدی عہدوں پر ہیں

خواتین ٹیکنالوجی کے ساتھ اپنے آپ کو ہم آہنگ کرتے ہوئے اس میدان میں بھی اپنی نمایاں خدمات انجام دیں، ڈاکٹر ریحانہ کوثر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ میں پہلی ویمن لیڈرشپ کانفرنس منعقد ہوئی جس میں بڑی تعداد میں زندگی کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی خواتین نے شرکت کی۔ ویمن لیڈرشپ کانفرنس میں ڈاکٹر ریحانہ کوثر نے بطور خاص شرکت کی اور کانفرنس کے انعقاد سے متعلق (بقیہ 29 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: راولاکوٹ میں منعقدہ ویمن لیڈرشپ کانفرنس سے ڈاکٹر ریحانہ کوثر خطاب کر رہی ہیں۔

پیپلز پارٹی سیاست میں رواداری کی قائل ہے، سردار یعقوب

بدتمیزی کے کلچر کو یہاں فروغ دینے کی قطعاً اجازت نہیں دی جاسکتی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سابق صدر و وزیراعظم آزاد کشمیر، ممبر قانون ساز اسمبلی سردار محمد یعقوب خان نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی سیاست میں رواداری کی قائل ہے گزشتہ دنوں وزیراعظم سردار تنویر الیاس کی جانب سے اپوزیشن لیڈر و پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما چوہدری (بقیہ 43 صفحہ 03 پر)

معاون ناظم اطلاعات خواجہ عمران کا دورہ پریس کلب راولپنڈی

راولپنڈی (پی آئی ڈی) ڈائریکٹر جنرل اطلاعات راجہ اظہر اقبال کی خصوصی ہدایت پر معاون ناظم اطلاعات خواجہ عمران الحق نے راولپنڈی پریس کلب کا دورہ کیا اور (بقیہ 44 صفحہ 03 پر)

کارکنوں پر تشدد کا اس حکومت کو جواب دینا پڑے گا، چوہدری یاسین

وزیراعظم کی طرف سے نازیبا زبان کا استعمال، کارکنان بھرپور احتجاج کریں

لندن (دھرتی نیوز) صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر و ممبر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری محمد یٰسین نے کہا ہے کہ وزارت عظمیٰ کا تقدس پامال کرنے قائد حزب اختلاف چوہدری لطیف اکبر کے خلاف نازیبا زبان استعمال کرنے اور پیپلز پارٹی کے جیالے پر تنویر الیاس (بقیہ 35 صفحہ 03 پر)

اخبارات پبلسٹی کا ایک طاقتور ذریعہ ہیں، معاون خصوصی

اخبار بینی کی عادت انسان کے نقطہ نظر کو وسیع کرتی ہے، رفیق نیئر

کوٹلی (پی آئی ڈی) وزیراعظم کے معاون خصوصی اطلاعات، ماحولیات وسمال انڈسٹریز چوہدری محمد رفیق نیئر نے کہا ہے کہ اخبارات پبلسٹی کا ایک طاقتور ذریعہ ہیں۔ اخبارات رائے عامہ کی ترقی میں معاون اور عوامی شکایات کو ذمہ دار حکام تک پہنچانے میں بھرپور کردار ادا کرتے ہیں (بقیہ 34 صفحہ 03 پر)

جماعت اسلامی بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی، ڈاکٹر خالد

آزاد خطہ اور تحریک آزادی کشمیر میں ہماری خدمات قوم کے سامنے ہیں

بھمبر (پ ر) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے امیر ڈاکٹر خالد محمود خان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی کارکنان جماعت مہم تیز کریں، اقتدار میں رہنے والی پارٹیوں سے زیادہ آزاد خطے اور تحریک آزادی کشمیر میں ہماری خدمات قوم کے سامنے ہیں، بلدیاتی اداروں کے ذریعے خطے میں تعمیر وترقی کے لیے کردار ادا کریں گے روایتی پارٹیاں اور (بقیہ 33 صفحہ 03 پر)

آزاد کشمیر کو ایجوکیشن سٹی بنائیں گے، سیکرٹری تعلیم سکولز

عوامی اعتماد بحال کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھا رہے ہیں

تتہ پانی (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر کے سیکرٹری تعلیم سکولز سردار رزاق احمد ندیم نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کو ایجوکیشن سٹی بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں گے، تعلیمی پالیسی کا قیام ونفاذ، ای ٹرانسفر پالیسی، تعلیمی اداروں میں مناسب تعلیمی ماحول، سرکاری تعلیمی اداروں کا (بقیہ 32 صفحہ 03 پر)

راولپنڈی میں قتل ہونیوالا نوجوان نامنوٹہ میں سپرد خاک

فیصل الطاف کی نعش پلاسٹک کے تھیلوں میں بند نالہ سے ملی تھی

مقتول کے قریبی دوستوں، رشتہ داروں کے خلاف رپورٹ درج

کھائی گلہ، راولپنڈی (دھرتی نیوز) راولپنڈی میں مبینہ طور پر قتل ہونے والے نامنوٹہ سے تعلق رکھنے والے فیصل الیاس کو آبائی قبرستان نامنوٹہ کھہالہ میں سپرد خاک کردیا گیا، دو دن قبل فیصل الیاس کی نعش غوری ٹاؤن راولپنڈی کے مقام پر ایک نالہ سے برآمد ہوئی تھی نعش کو ٹکڑے کرکے (بقیہ 31 صفحہ 03 پر)

ہاڑی گہل، تیز رفتار کیری نے سات سالہ بچے کو کچل دیا

بچے کی نعش ہسپتال پہنچانے والا فرار، عوام نے سڑک بلاک کردی

ہاڑی گہل (عدنان خورشید) پتراٹہ کے مقام پر تیز رفتار کیری ڈبے نے سات سالہ معصوم بچے کو کچل ڈالا اور پھر اپنی ہی گاڑی میں بچے کو لے کر الائیڈ ہسپتال باغ پہنچ گیا اور بچے کی لاش کو وہاں موجود نرس کی گود ڈال کر موقع سے فرار ہوگیا جب اس بارے میں اس کیری ڈبے کے ڈرائیور سے استفسار کیا گیا تو اس نے کہا کہ کوئی اور گاڑی والا بچے کو کچل کر بھاگ گیا اور اس نے بچے کو ہسپتال (بقیہ 30 صفحہ 03 پر)

GRAMMAR PUBLIC SCHOOL RAWALAKOT

"There are no secrets to success. It is the result of preparation, hard work and learning from failure"

Fantastic result of class 9th 2022

سال 2022ء شاندار نتائج کا تسلسل تعلیم بھی تربیت بھی

S.No	NAME	MARKS	GRADE	%
01	Anum Alam	469	A+	98
02	Sehar Shamsi	490	A+	97
03	Afeefa Noor	483	A+	96
04	Mahreen Tufail	481	A+	95
05	Hamza Javed	473	A+	94
06	Sania Anwar	465	A+	92
07	Taiba Tariq	465	A+	92
08	Abdul Quddos	459	A+	91
09	Maryum Farooq	459	A+	91
10	Abdul Sami	445	A+	88
11	Arbab Ashraf	441	A+	87
12	Qamurl Hasan	431	A+	85
13	Maryum Ejaz	430	A+	85
14	Eisa Rizwan	429	A+	85
15	Ozain Nisar	414	A+	82
16	Sufian Shakeel	414	A+	82
17	Iqra Saghir	414	A+	82
18	Umer Altaf	407	A+	80
19	Zaka Ullah	399	A	79
20	Zakira Iqba	397	A	79
21	Ashan Faisal	387	A	77
22	Azan Khalid	386	A	76
23	Fiza Saghir	385	A	76
24	Obaid Habib	380	A	77
25	Abdullah Sajjad	380	A	77
26	Madheed Azhar	376	A	74
27	Muneeb Sharif	375	A	76
28	Arman Zahoor	375	A	76
29	Konain Haider	374	A	74
30	Eman Shahid	373	A	74
31	Fahad Ali	369	A	74
32	Abdullah Abrar	364	A	73
33	Zahra Ilyas	361	A	71

A+=18 A=15

0334-5005112 گرامر پبلک سکول راولاکوٹ

GRAMMAR PUBLIC SCHOOL RAWALAKOT

Our Big opportunity may be right where we are rigth now. We have the sense to realize that single idea can change the way we think, the way we feel and the way we live, that rigth now is one of those moments when we have the ability to influence the future right now. believe it!

Fantastic result of class 10th 2022

سال 2022ء شاندار نتائج کا تسلسل تعلیم بھی تربیت بھی

S.No	NAME	MARKS	GRADE	%
01	Alishba Fatima	1063	A+	97%
02	Aimen Zubair	1059	A+	96%
03	Moeen Nazakat	1049	A+	95%
04	Sajal Shakeel	1040	A+	94%
05	Umer Khayyam	1031	A+	93%
06	Fatima Qayyum	1015	A+	92%
07	Asiya Khalil	1011	A+	92%
08	Sheraz Khaliq	1002	A+	91%
09	Hifsa Habib	1002	A+	91%
10	Hammad Asghar	1001	A+	91%
11	Muqaddas Sayyab	1000	A+	90%
12	Hamdan Faree	997	A+	90%
13	Tooba Azhar	971	A+	88%
14	Rabia Safeer	970	A+	88%
15	Laiba Fiaz	963	A+	87%
16	Um-E- Hunain Maryam	951	A+	86%
17	Abdul Manan	949	A+	86%
18	Hamza Amjad	909	A+	82%
19	Hibba Nazir	899	A+	81%
20	Amaan Shaheen	877	A	79%
21	Abiha Zafar	876	A	79%
22	Kamil Nisar	857	A	78%
23	Umra Israr	853	A	77%
24	Sundus Sagheer	848	A	77%
25	Haider Mushtaq	845	A	76%
26	Munaza Malik	843	A	76%
27	Bilal Fiaz	833	A	75%
28	Abdul Sammad Khurshid	827	A	75%
29	Saif Ur Rehman	806	A	73%
30	Adil Arshad	801	A	72%
31	Saliha Habib	796	A	72%
32	Abdul Sammad	766	A	69%
33	Rehan Imtiaz	765	A	69%

A+=19 A=12 B=02

0334-5005112 گرامر پبلک سکول راولاکوٹ

Editorial ایڈیٹوریل

مسئلہ کشمیر مسلم دنیا کا متفقہ معاملہ نہیں

سچ تو یہ ہے
بشیر سدوزئی
bashirsaddozai@gmail.com

عین اس وقت جب دنیا بھر کے حکمران اور ان کے نمائندے یو این جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت کے لیے نیو یارک پہنچنے کی تیاریوں میں مصروف تھے، مقبوضہ کشمیر میں پولیس چیف نے بیان دیا کہ " کشمیریوں کی آزادی کے سیاسی اتحاد "حریت کانفرنس" کو ختم کر دیا گیا ہے، آتنگ وادیوں کو بھی جلد ختم کر دیں گے" کشمیر کے پولیس چیف کے اس بیان کو سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کے اس بیان کے تناظر میں دیکھا جائے تو مطلب بالکل واضح ہو جاتا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے پولیس چیف نے یہ بیان جاری کرنے کے لیے اسی وقت کا انتخاب کیوں کیا جب یو این جنرل اسمبلی اجلاس ہونے والا تھا۔۔ گوتریس نے چند دن قبل دورہ پاکستان کے موقع پر کہا تھا کہ " بھارت کشمیر پر اقوام متحدہ کی ثالثی ماننے کے لیے تیار نہیں" گویا یہ سیدھا سادہ پیغام تھا کہ بھیا ادھر کی امید ختم اور بار، بار کا واویلا بند کرو کہ یو این مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اپنی قراردادوں پر عمل کرے۔ یو این سیکریٹری جنرل کے اس بیان کے بعد کوئی ابہام باقی نہیں رہ جاتا کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کے ٹیبل پر ہونے کے باوجود ترجیحات نہیں رہا اور نہ اقوام متحدہ کی جانب سے ماضی بعید میں منظور کی جانے والی قراردادیں قابل عمل رہی ہیں۔ اس کے باوجود کوئی بھی ممبر اپنی تقریر میں بات کرنا چاہئے تو اسی کو انڈرسٹینڈنگ کہا جاتا ہے۔ رائے شماری سمیت اقوام متحدہ میں کشمیر پر دیگر قراردادوں کا بوسیدہ ہونے یا بین الاقوامی برادری کی مسئلے میں عدم دلچسپی کی وجہ پاک بھارت کے درمیان اعتماد سازی اور کافی حد تک کشمیریوں کی ناقص حکمت عملی اور اپنی آزادی جیسے اہم ترین مسئلے کی سفارت کاری کو مکمل طور پر دوسروں کے حوالے کر دینا ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ حالات و واقعات تبدیل ہوتے رہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان تاشقند، شملہ اور لاہور معاہدوں پر دستخط ہونا وقت کی ضرورت تھی جس کے بعد اقوام متحدہ مسئلہ کشمیر کا ضامن نہیں ثالث رہ گیا۔ لیکن کشمیریوں نے اس پر کبھی اعتراض نہیں اٹھایا اور اپنے مسئلے کے خارجہ امور کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کبھی سنجیدہ کوشش نہیں کی۔ یہ جاننے کے باوجود کہ ان معاہدات کے بعد کشمیر کے مسئلے کی قانونی صورت حال یہ ہے کہ اب یہ ایک قوم کی آزادی کے بجائے دو پڑوسی ممالک کے درمیان سرحدی تنازعہ رہ گیا ہے جب تک دونوں کی رضامندی نہ ہو اقوام متحدہ سمیت کوئی بھی ثالث مداخلت نہیں کر سکتا اور نہ دلچسپی لے گا۔ یہی وجہ ہے کہ گزشتہ 30 برسوں کے دوران لگ بھگ ایک لاکھ افراد کے شہید ہونے کے باوجود بھارت ایسے کشمیر میں آتنگ وادیوں کی گڑھ بڑھ اور امن اماں کا مسئلہ کہتا رہا جیسے دنیا نے تقریبا مان رکھا ہے کیوں کہ اتنے بڑے قتل عام ریپ، گرفتاریوں، ٹارچر، پلٹ گنوں کے استعمال کے باوجود دنیا نے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی تو مذمت کی لیکن اسے آزادی کی تحریک تسلیم نہیں کیا۔۔ کشمیری آج بھی یہ بات سمجھنے کے لیے تیار نہیں کہ دنیا آزادی کی تحریکوں میں تو توجہ دیتی ہے، تنازعات تو فریقین کے درمیان رضامندی سے ہی حل ہوتے ہیں اور بھارت نے پولیس چیف کے توسط سے واضح پیغام دیا ہے کہ اب مقبوضہ کشمیر میں رائے شماری کا مطالبہ کرنے والوں کی نہ کوئی آواز رہی اور نہ کوئی سننے والا ہے۔ اسی وجہ سے بھارت آسانی کے ساتھ مقبوضہ کشمیر کو بھارت میں ضم کر کے بلا کسی مذاحمت غیر کشمیری ہندو انتہاء پسندوں کی آبادکاری کر رہا ہے اور اب تک 40 لاکھ ہندوؤں کو آباد کرنے کی منصوبہ بندی مکمل کر چکا اگر اقوام متحدہ کے نزدیک یہ متنازعہ علاقہ سمجھا جار ہا ہوتا تو بھارت ایسے اقدامات کبھی نہیں کر سکتا تھا۔۔ اس کے باوجود جموں و کشمیر کے عوام حسب سابق اس پر خوش ہیں کہ پاکستانی وزیراعظم نے جنرل اسمبلی کے اجلاس میں اپنے خطاب کے دوران مسئلہ کشمیر کو اٹھایا ہے جس سے اس مقدمہ کی کارروائی میں پیش رفت ہو گی۔۔ لیکن پاکستان کے حکمران بھی کیا خوب ہیں کہ کشمیریوں کو کیا پاکستانی قوم کو بھی سچ نہیں بتاتے اور نہ وقت کے ساتھ حکمت عملی تبدیل کرتے ہیں۔ یہ جاننے کے باوجود کہ سیکریٹری جنرل نے صاف الفاظ میں انکار کر دیا کہ اقوام متحدہ اس مسئلے میں اب کوئی کردار ادا نہیں کر سکتی وزیراعظم شہباز شریف نے ایک مرتبہ پھر سابق حکمرانوں کی طرح قوم کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش میں بیان جاری کرایا کہ ان کی اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل سے نیویارک میں ملاقات ہوئی، جہاں مسئلہ کشمیر کو اٹھایا گیا۔ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی ابتر صورتحال کا ذکر کیا اور توقع ظاہر کی کہ انتونیو گوتریس اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کا پر امن حل نکالنے کے لیے اقدام کریں گے۔ وزیراعظم پاکستان نے یو این میں اپنی تقریر میں بھی کشمیر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ جنوبی ایشیاء میں امن کی خاطر یہ مسئلہ حل ہونا چاہیے۔ لیکن بھارتی مندوب اس کے جواب میں ایسے بھارت کے اندرونی معاملات میں مداخلت کہے گا، فائل داخل دفتر اور مقبوضہ کشمیر میں قتل عام جاری رہے گا، آئندہ سال ستمبر، اکتوبر تک اسمبلی تک انسانی سروں کی تازہ فصل کٹ چکی ہوگی۔ یہ سلسلہ گزشتہ 30 برسوں سے جاری ہے اور اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کشمیری بھارتی مظالم کو بھول کر اس کے سامنے سر تسلیم خم یا آزادی کی بات نہیں کرتے۔ کتنے افسوس کی بات ہے کہ سیکریٹری جنرل کے بیان کو دس دن بھی نہیں گزرے تھے وزیراعظم پاکستان نے اسی پرانے بیان کو تازہ کر کے دہرایا ہے جو 75 سال سے جاری کیا جا رہا ہے۔ بات یہاں ہی ختم نہیں ہوئی بلکہ نوجوان وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے تنظیم تعاون اسلامی کے وزراء خارجہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مسئلہ کشمیر کو مسلم دنیا کا ایک متفقہ معاملہ قرار دیا، حب کہ حقیقت یہ ہے کہ خلافت کے خاتمے کے بعد مسلم دنیا نے قبلہ اول کی آزادی کو متفقہ معاملہ نہیں سمجھا کشمیر کو کیا سمجھا جائے گا۔ مسئلہ کشمیر اس لیے مسلم دنیا کا مسئلہ نہیں کہ جموں و کشمیر اکثریتی مسلم ریاست ہے مسلم ریاست نہیں۔ جب سے مسئلہ کشمیر کے ساتھ مسلم اور جہاد کا لفظ جڑھا الجھا و بڑھتا گیا اسی وجہ سے وقت گزرنے کے ساتھ وادی کے لوگ جموں سے اور جموں کے پیر پنجال سے اور جموں و کشمیر کے عوام گلگت بلتستان کے عوام سے دور ہوتے گئے۔۔ لوگوں کی اس تقسیم نے کافی حد تک ریاست کی تقسیم کی راہ ہموار کر دی جس پر غور و فکر ہو رہی ہے۔ کشمیریوں کے مذہب کے نام پر تقسیم ہونے سے ان کی وحدت پارہ پارہ ہوئی اور پورے کشمیر میں آج کوئی ایک لیڈر ایسا نہیں جو ان کو جوڑ نیکی بات کرتا ہو۔ اسی سازش کے تحت کشمیر کے حقیقی باشندوں پنڈتوں کو وادی سے نکال کر کشمیری معاشرے کی ہندو مسلم تقسیم کو مزید گہرا کیا گیا۔ بعد ازاں تحریک آزادی کشمیر کی مسلحہ جدوجہد جس کا آغاز لبریشن فرنٹ نے کیا تھا جہاد کشمیر اور غزوہ ہند کا نام دیا گیا جس سے بین الاقوامی برادری میں عدم دلچسپی سے ہمارے مقصد کو نقصان پہنچا۔ اب مسئلہ کشمیر کو امت مسلمہ کا مسئلہ بنا کر پیش کرنے سے گویا دنیا کہ وہ ممالک جو انسانی حقوق کی خلاف ورزی پر کشمیریوں کے حق میں تھوڑی بہت بات کرتے بھی ہیں لاتعلق ہو جائیں گے۔ حریت کانفرنس تو عملی طور پر ختم ہی کر دی گئی، جب کہ آزاد کشمیر میں سیاسی قیادت اقتدار اور مال و دولت کے حصول میں سرگرداں ہے۔ آزاد کشمیر کے سابق وزیراعظم راجہ فاروق حیدر خان گزشتہ کچھ عرصے سے ایسے بیانات دے رہے ہیں کہ کبھی کبھی کچھ امید بندھ رہی ہوتی ہے اور پھر کسی موقع پر مایوسی ہوتی ہے۔ خاندانی اور ذاتی سیاسی پس منظر رکھنے کے باوجود اس مشکل وقت میں وہ تحریک آزادی کشمیر کی سمت درست کرنے کے لیے کھل کر سامنے نہیں آ رہے۔ ابھی تک فیصلہ کرنے میں تذبذب کا شکار ہیں، وہ ایک قدم آگئیں بڑھتے ہیں اور چار قدم پیچھے ہٹتے ہیں، ایک بیان دیتے ہیں اور ایک ہفتہ اس کے وضاحتی بیان جاری کر رہے ہوتے ہیں۔ ان کو چاہیے کہ کے ایچ خورشید کی طرح عزت کے ساتھ مرنے اور بعد از مرگ قوم کے دلوں میں رہنے کے لیے نواز شریف کو خدا حافظ کہہ کر مسئلہ کشمیر پر اپنے بیانیہ کو لے کر قوم کے پاس آئیں اور پاکستان کے پالیسی سازوں کو سمجھائیں کہ مقبوضہ کشمیر کو بھارت کے قبضہ میں چھوڑ کر اسٹیٹس کو قائم کرنا پاکستان کے مفاد میں نہیں۔ اگر یہ فیصلہ ہو بھی گیا کشمیری تو جیسے تیسے کچھ عرصہ اور گزارہ کریں گے ہندو انتہاء پسند پاکستان کے لیے مسائل پیدا کرتے رہیں گے، لہذا کوئی بین الاقوامی دباؤ ہے بھی تو آزاد کشمیر کی حکومت کو ڈوگرہ کی جانشین حکومت کے طور پر تسلیم کر کے پاکستان سرحدی تنازعہ سے جان چھڑا کر ریاست اور ایک قوم کی آزادی کے بیانیہ پر واپس آئے تا کہ مسئلہ کشمیر پر قراردادیں اور اقوام متحدہ کا کردار بحال ہوا اور بھارت کو رائے شماری کے لیے مجبور کیا جا سکے شماری ہوگی تو لگ پتا جائے گا کہ کشمیری بھارت کو کتنا پسند کرتے ہیں۔

ریاست، سیلاب اور سمندری طوفان


بیرسٹر حمید باشانی

پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں کے مناظر دیکھ کر مجھے کیوبا یاد آیا۔ کئی برس قبل مجھے کیوبا میں سمندری طوفان، سیلاب اور تیز ہواؤں کی تباہ کاریوں کا بڑے قریب سے مشاہدہ کرنے کا اتفاق ہوا تھا۔ میں کیوبا ایک ایسے وقت میں پہنچا تھا، جب یہ ملک ایک خوفناک سمندری طوفان کے اثرات سے نکلنے کی جدو جہد میں تھا۔ یہ سمندری طوفان ارما کے نام سے مشہور ہوا تھا۔ یہ سمندری طوفان کیوبا کے شمالی ساحلوں سے ٹکرایا تھا۔ ہوانا شہر کے درو دیوار پر اس کے اثرات نمایاں تھے۔ ہوانا شہر کو دیکھ کر یہ اندازا لگانا مشکل نہیں تھا کہ کچھ دن پہلے اس شہر پر کیا گزری ہے۔ ایسا لگتا تھا کہ اس شہر میں کوئی خوفناک جنگ لڑی گئی ہو۔ شہر کی بڑی حد تک صفائی کی جا چکی تھی، مگر کئی کئی اب بھی جڑ سے اکھڑے ہوئے درخت اور گرے ہوئے کھمبے دکھائی دیتے تھے۔ اس طوفان نے خوفناک تباہی مچائی تھی، مگر کیوبا میں زیادہ جانی نقصان نہیں ہوا تھا۔ زیادہ تر جانی نقصان انگوا اور باربوڈا جیسی آئی لینڈ ریاستوں میں ہوا تھا۔ برٹش ورجن آئی لینڈ اور بھماس میں بھی کافی تباہی ہوئی تھی۔ یہ طوفان امریکہ کے ساحلوں سے بھی ٹکرایا تھا، اور یہاں تقریباً دس جانیں ضائع ہوئیں تھی۔ کیوبا میں کم جانی نقصان کی وجہ یہ تھی کہ کیوبا اس طرح کے طوفانوں کا مقابلہ کرنے کی لمبی تاریخ اور صلاحیت رکھتا ہے۔ یہاں پر طوفان سے پہلے اور طوفان کے دوران ایسے بروقت اقدامات کیے جاتے ہیں، جن کی وجہ سے جانی نقصان کم ہوتا ہے۔ ارما کیوبا کی تاریخ کا ایک بڑا طوفان تھا۔ انیس سو چوبیں کے بعد پہلی بار اس کو کیٹیگری پانچ طوفان قرار دیا گیا تھا۔ اس طوفان کے دوران کیوبا کے بعض علاقوں میں دو دن تک دو سو ستر کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے طوفانی ہوائیں چلتی رہی۔ کئی شہر پانی سے بھرے رہے۔ ان حالات میں یہاں جانی نقصان کا کم ہونا کوئی محض اتفاق یا خوش بختی کا نتیجہ نہیں تھا، بلکہ حکومت نے اس کا بندوبست کیا تھا۔ اس طوفان کی تباہی سے بچنے کے لیے حکام نے طوفان سے پہلے ہی ایک ملین سے زائد لوگوں کو حفظ ما تقدم کے طور پر دوسری محفوظ جگہوں پر منتقل کر دیا تھا۔ جانی نقصان کے حوالے سے متضاد خبریں تھیں۔ عالمی میڈیا کا ایک حصہ کیوبا میں دس اموات رپورٹ کر رہا تھا۔ مقامی لوگوں کا خیال تھا کہ ایک دو افراد سے زیادہ جانی نقصان نہیں ہوا۔ دوسری طرف جائداد اور مالی نقصان کی شرح حیرت انگیز طور پر بلند تھی، جس کو دیکھ کر یقین کرنا مشکل تھا کہ جانی نقصان اس قدر کم کیسے ہو گیا۔ تیز ہواؤں، طوفانی بارش، اور سیلاب نے مجموعی طور پر ایک لاکھ پچاسی ہزار سے زائد عمارتوں کو نقصان پہنچایا تھا۔ چودہ ہزار گھر مکمل طور پر تباہ ہو گئے تھے، اور تقریباً سولہ ہزار کو جزوی نقصان پہنچا تھا۔ ایک ہزار کے قریب صحت کے مراکز، دو ہزار تعلیمی ادارے، سینکڑوں فارم اور تقریباً نوے ہزار ہیکٹر زرعی زمین اس طوفان کی نذر ہو گئی تھی۔ کیوبا کی تاریخ کے اس بدترین طوفان میں اگر جانی نقصان نہ ہونے کے برابر ہوا تو اس کی وجہ بالکل واضح تھی کہ حکومت کی توجہ کا نقطہ ماسکہ انسانی جانوں کی حفاظت تھا، اور وہ اس مقصد میں سو فیصد کامیاب رہے تھے۔ کیوبا کا سمندری طوفانوں۔ تیز ہواؤں اور طوفانی بارشوں سے بہت گہرا اور پرانا تعلق ہے۔ یہ ملک حالیہ تاریخ میں تقریباً چھپن سے زائد طوفانوں کے تجربے سے گزر چکا ہے۔ صرف سن دو ہزار سے آج تک ان طوفانوں کی تعداد چالیس سے زائد ہے۔ کیوبا میں چھ ہزار سے زائد لوگ ان طوفانوں کا شکار ہو چکے ہیں، ان میں زیادہ تعداد ان لوگوں کی ہے، جو انیس سو بتیس کے طاقت ور طوفان کا شکار ہوئے تھے۔ کیوبا کا اس طرح ہمیشہ طوفانوں میں گھرے رہنے کی وجہ اس کا محل وقوع ہے۔ کیوبا سمندر میں ایک ایسی جگہ واقع ہے، جہاں گلف آف میکسیکو اور کریبین سمندر آپس میں ملتے ہیں۔ یہ ملک خط استوا کے قریب واقع ہے۔ سمندری طوفانوں کی وجہ خط استوا سے اس کی قربت اور گرم موسم ہے۔ جون سے نومبر تک کے چھ ماہ کیوبا کے لیے طوفانوں کا موسم ہوتا ہے۔ ظاہر ان سمندری طوفانوں، بارشوں اور سیلابوں کا تعلق مجموعی طور پر ماحولیاتی تبدیلی کے ساتھ ہے۔ کیوبا کے حکام کو اس کا پورا شعور اور ادراک ہے۔ وہ بار ہا اس حقیقت کو اپنے بیانات کے ذریعے تسلیم کر چکے ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے کیوبا کی حکومت نے اس سلسلے میں ایک مشہور پلان کا اعلان کیا تھا، جو "لائف ٹاسک" کے نام سے مشہور ہوا تھا۔ اس پروگرام کے تحت ماحولیاتی تبدیلی اور اس کے اثرات کے خلاف لڑنے کا اعلان کیا گیا تھا، اس پلان میں سمندری طوفانوں کی کثرت اور طاقت کو کم کرنے کا منصوبہ بھی شامل تھا۔ بد قسمتی سے دنیا کے دیگر ممالک کی طرح کیوبا کی حکومت بھی اس پلان پر عمل کرنے میں کوئی خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں کر سکی۔ بات یہ ہے کہ ماحولیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی تباہی کے باب میں دنیا کی ہر حکومت کسی نہ کسی طرح ذمہ دار ہے، اور اس حوالے سے کوئی نہ کوئی مثبت کردار بھی ادا کر سکتی ہے، مگر اس مسئلے کے موثر اور پائدار حل کے لیے عالمی برداری کا یکجا ہو کر مشترکہ اقدامات اٹھانا ناگزیر ہے، جس کے بغیر اس باب میں کوئی بڑی کامیابی نہیں حاصل نہیں کی جا سکتی۔ بہر کیف قدرتی آفات خصوصاً سمندری طوفانوں اور اس کے نتیجے میں آنے والی تباہی کا کیوبا کے عوام کی زندگیوں سے گہرا تعلق ہے۔ ہر سال کا نصف عرصہ وہ کسی نہ کسی آفت کا سامنا کر رہے ہوتے ہیں۔ ان قدرتی آفات کی تباہی ان کے در و دیوار پر نقش ہے۔ کیوبا کے شہروں میں آنے والا ہر نو وارد اس تباہی کے نقش در و دیوار پر دیکھتا ہے۔ ہر عمارت کے کسی نہ کسی حصے پر اس تباہی کے نشان ہوتے ہیں۔ یہاں کے لوگوں نے ان طوفانوں کے ساتھ جینا سیکھ لیا ہے۔ ہر سال کسی نہ کسی موسمی طوفان کے بعد شہر میں صفائی یا رنگ روغن کا کام ہو رہا ہوتا ہے۔ اب اس سلسلے میں حکومت جدید تقاضوں کے مطابق قانون سازی کر رہی ہے۔ اس نئے قانون کے تحت کسی بھی نئی عمارت کی تعمیر کے لیے ضروری ہے کہ وہ سیلاب، تیز ہواؤں اور سمندری طوفانوں کا مقابلہ کرنے کی سکت رکھتی ہو۔ یہ وہی راستہ ہے، جو جاپان نے زلزلوں کی تباہ کاریوں کا مقابلہ کرنے کے لیے استعمال کیا تھا، اور وہ آج اس کا مقابلہ کرنے میں پورے طور پر کامیاب نظر آتے ہیں۔ اسی طرح سمندر کے بیچوں بیچ آباد یہ چھوٹا سا جزیرہ بھی جدید قانون سازی اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے ایک دن سمندری طوفانوں سے محفوظ زندگی بنانے میں کامیاب ہو جائے گا۔ پاکستان میں سیلاب کی تباہی و بربادی کے تناظر میں ہنگامی طور پر کچھ نئے اقدامات کی ضرورت ہے۔ ایک ضروری قدم اس باب میں قانون سازی ہے۔ اس قانون سازی کے تحت یہ امر یقینی بنانا ضروری ہے کہ نئی تعمیرات کسی بھی سیلاب اور دیگر قدرتی آفات کی تباہ کاریوں کا مقابلہ کرنے کے قابل ہوں۔ کسی بھی عمارت کی تعمیر کی جگہ، اس میں استعمال ہونے والا میٹیریل، طرز تعمیر اور ٹیکنالوجی ایسی ہو جو سیلاب کا مقابلہ کر سکے، تا کہ مستقبل میں کسی ایسی آفت کی صورت میں کم از کم جانی اور مالی نقصان ہو۔

☆☆☆☆

اس انحطاط کے تعلیمی چوکور کے چاروں کونے ذمہ دار ہیں

سردار محمد حلیم خان
haleemk786@gmail.com

خبر ہے کہ جماعت نہم کے سالانہ امتحانات میں آزاد کشمیر کے تقریباً ایک لاکھ تیس ہزار بچے ناکام ہوئے ہیں۔ یہ بلاشبہ ایک ہوشربا صورت حال ہے۔ یہ بچے ملت اسلامیہ ریاست جموں و کشمیر کا مستقبل ہیں۔ اتنی بڑی تعداد میں بچوں کا ناکامی سے دوچار ہونا اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ پوری غیر جانبداری اور دیانتداری سے ہر سطح پہ اسباب کا تعین اور تدارک کیا جائے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ان بچوں کو مکمل ناکام قرار نہیں دیا جا سکتا ان کی ایک بڑی تعداد جماعت دہم کا امتحان دیتے وقت اس کمی کو پورا کر کے پاس تو ہو جائے گی لیکن کیا یہ مطلوب کارکردگی ہے؟

ہمارا براہ راست پڑھانے کا بھی تجربہ رہا ٹیچرز ٹریننگ کا بھی اور انتظامی ذمہ داریاں بھی نبھائی ہیں۔ اس کی روشنی میں اس افسوس ناک حقیقت کو تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ موجودہ امتحانی طریقہ کار میں جس میں پرچے کا ساٹھ فیصد حصہ معروضی اور صرف چالیس فیصد حصہ انشائیہ ہوتا ہے جن تعلیمی اداروں کے بچے فیل ہوئے ہیں وہاں باقاعدہ کلاسز یا تو ہوتی ہی نہیں ہیں اگر ہوتی بھی ہیں تو سارا زور صرف رٹے اور سلیکٹو سٹڈی پہ دیا جاتا ہے۔

اگر مضمون کی تفہیم ادارے میں درست انداز سے کرائی گئی ہو تو صرف معروضی سوالات والا حصہ حل کر کے طلباء پاس ہو سکتے ہیں لیکن پھر بھی اتنی بڑی تعداد فیل ہو گئی اور صرف سرکاری اداروں کی نہیں بلکہ نامی گرامی پرائیویٹ اداروں میں بھی جماعت نہم کا رزلٹ پچاس فیصد سے بھی نیچے ہے۔

اس انحطاط کے تعلیمی چوکور کے چاروں کونے ذمہ دار ہیں۔

پہلی ذمہ داری والدین پہ عاید ہوتی ہے ذاتی تجربہ اور مشاہدہ ہے کہ والدین بچوں کے لیے سکول کا انتخاب اپنی تعلیمی ضروریات کے مطابق نہیں بلکہ فیشن کے طور پہ کرتے ہیں مثلاً فلاں کا بچہ پنجاب کالج میں پڑھتا ہے یا تقریباً اتنا ہی سفر میں گزر جاتا ہے تیسرا کارنامہ یہ کرتے ہیں کہ معصوم بچوں کے ہاتھوں میں موبائل پکڑا دیتے ہیں اور خود بھی سارا گھرانا رات کو موبائل پکڑ کے بیٹھ جاتا ہے نتیجہ یہ کہ کوئی خبر نہیں کہ بچے کی موبائل کے ساتھ مصروفیت کیا ہے۔

بچہ موبائل پکڑے والدین اور بہن بھائیوں سے کوئی سوال پوچھے بھی ڈسٹرب ہونے والوں سے اسے رہنمائی کی بجائے جھڑکی ملتی ہے۔

چوتھی خامی یہ ہے کہ بچوں کے سامنے اساتذہ کا ذکر توہین آمیز انداز میں کرتے ہیں استاد کا احترام صرف بچوں پہ ہی نہیں بچوں کے والدین پہ بھی فرض ہے ورنہ بچوں میں بھی نہیں آتا۔

اگر والدین صرف ایک کام کریں کہ بچے کو عمر کے لحاظ سے نزدیک ترین سکول میں داخلہ دلوائیں اور سکول کے ساتھ موثر اور مسلسل رابطہ رکھیں تو بچے کی تعلیمی صورتحال کبھی خراب نہیں ہو سکتی۔

گھر کے بعد دوسرا اہم کردار تعلیمی ادارہ ہے بد قسمتی سے پرائیویٹ تعلیمی ادارے صرف بزنس سینٹر بن چکے ہیں کام رٹہ اور مارکیٹنگ ہے۔

پرائیویٹ تعلیمی ادارے فخر کرتے ہیں اور بلاشبہ ہے بھی فخر کی بات کہ ان کے طلباء بورڈ میں اکثر پوزیشنیں حاصل کرتے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ پچھلے بیس سال بورڈ میں اسی فیصد سے زائد نمبروں سے کامیابی حاصل کرنے والے بچے کدھر گئے؟ معاشرے میں گم کیوں ہو گئے؟

آج تو پاکستان میں ہر شعبہ زندگی میں ماہرین کی بھرمار ہونی چاہیے تھی لیکن ایسا نہیں کبھی کبھار امتحانی عملہ فرض شناسی دکھا دے تو نتائج حالیہ نتائج کی طرح چکرا دینے والے ہو جاتے ہیں۔

بورڈ میں پوزیشن کی دوڑ میں شمولیت کی وجہ سے سکیم آف سٹڈی کے ساتھ ظلم ہوتا ہے اردو اور انگریزی میں حصہ گرامر کو ساتھ ساتھ کور نہیں کروایا جاتا بلکہ حفظ کے سٹائل سے پہلے ایک حصہ ختم کر کے اس کے بعد گرامر شروع کروائی جاتی ہے۔

اس کا عملی زندگی میں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بورڈ میں آپ کو میٹرک اور انٹر کے امتحانات میں انگریزی میں اسی اور نوے فیصد نمبروں سے کامیابی حاصل کرنے والے ایسے ایسے طلباء ملیں گے جو انگریزی میں دس جملے بھی درست نہ بول سکتے۔ ہیں نہ ہی لکھ سکتے ہیں

اس سب کے باوجود پرائیویٹ اداروں نے اپنا وجود اور بزنس برقرار رکھنا ہوتا ہے کسی نہ کسی طرح وہ کمزور بچوں کو بھی اگلی جماعت میں دھکیل ہی دیتے ہیں اصل سوال سرکاری تعلیمی اداروں کا ہے جہاں ایک ماہ کی جتنی تنخواہ حکومت کی طرف سے آتی ہے اتنا کئی پرائیویٹ تعلیمی اداروں کا سارے سال کا بجٹ نہیں ہوتا۔ اس کے باوجود سینکڑوں ہائی سکول آزاد کشمیر میں ایسے ہیں جن کا دہم کا بھی اور نہم کا بھی زیرو رزلٹ رہا۔

کیا یہ معمولی سانحہ ہے؟

اس طرح کے ایک سال کے نتائج تو خطے کو سال ہا سال بھگتنا پڑتے ہیں مگر یہاں تو سال ہا سال سے یہی ہو رہا ہے۔

جیسا کہ پہلے عرض کیا ساٹھ فیصد معروضی پرچہ ہونے کے باوجود بچوں کا فیل ہونا ظاہر کرتا ہے کہ کلاسز باقاعدہ نہیں ہوئیں اگر ہوئیں بھی تو اساتذہ اس قابل نہیں تھے کہ درست تفہیم کروا سکتے اس سے قبل طلباء سے سہ ماہی اور ششماہی امتحان نہیں لیا گیا یا اگر لیا بھی گیا تو موثر جانچ کی بجائے رسم پوری کی گئی۔

ایسا کیوں ہو سترہ اور اٹھارہ گریڈ کی مراعات لینے والے اور ان کے اوپر نگرانی کے فرائض انجام دینے والے کس مرض کی دوا ہیں؟ کیا یہ ماہرین صرف نقل کرنے اور نقل کروانے کے ماہرین ہیں حالیہ برسوں میں چونکہ این ٹی ایس کے ذریعے بھی اچھی خاصی تعداد محکمہ میں آئی باور کیا جا سکتا ہے کہ ان لوگوں نے امتحانات کو بوٹی مافیا نہیں بننے دیا اس وجہ سے بھی تعلیمی نظام پہ چڑھا ملمع اتر گیا۔ یہ نتائج یہ بھی بتاتے ہیں کہ ایلیمنٹری امتحانات کا سارا سسٹم بھی بوگس اور نقل پر استوار ہے ورنہ کیا وجہ ہے کہ ایلیمنٹری امتحانات میں بڑے بڑے نتائج دکھانے والے سرکاری تعلیمی ادارے ثانوی بورڈ امتحانات میں ٹھس ہو گئے۔

معاشی نکتہ نظر سے بھی دیکھا جائے تو ماہانہ کروڑوں روپے تنخواہوں کی مد میں جو آتے ہیں ضائع ہو رہے ہیں۔

آخر حکومت اس مسئلے کو سنجیدگی سے کیوں نہیں لیتی؟

اس لیے کہ حکومت کے وزراء اور بیوروکریسی سرکاری تعلیمی اداروں کی اپ گریڈیشن صرف نئی آسامیاں پیدا کرنے کے لیے کرتی ہے۔ ورنہ یہ نتائج ایسے ہیں کہ تعلیمی چوکور کے تیسرے کونے یعنی انتظامیہ کو بھی احتساب کے کٹہرے میں لایا جائے ایک سال تک آزاد کشمیر کے ڈی اوز اور ڈائریکٹر صاحبان کس بات کی نگرانی کرتے رہے

اگر تعلیمی اداروں میں پڑھائی نہیں ہوتی تو سیکریٹری تعلیم ڈائریکٹر ڈویژنل ڈائریکٹرز ڈی ای آوز ڈپٹی ڈی ای آوز اور صدر معلمین کس بات کی تنخواہیں وصول کرتے ہیں؟

یہ تلخ حقیقت ہے کہ حکومتوں سے لیکر تعلیمی افسروں تک نے محکمہ تعلیم کو صرف مراعات سمیٹنے کا ذریعہ اور ایمپلائمنٹ بیورو بنا رکھا کوئی اپنا فریضہ ادا نہیں کر رہا۔ عذر گناہ بدتر از گناہ کے طور پہ خراب نتائج کو سہولتوں کی کمی کا نتیجہ باور کروایا جا رہا ہے

ایسا نہیں کہ سارے سرکاری ادارے ایسے ہیں۔ بڑے شہروں میں کئی سرکاری تعلیمی ادارے ایسے ہیں جہاں داخلے کے لئے والدین سفارشیں ڈھونڈتے ہیں جہاں اساتذہ واقعی اہلیت اور صلاحیت رکھتے ہیں ... [illegible]

☆☆☆

سیلاب کے بعد ملک کو دوبارہ تعمیر کیا جائے کیوں اور کیسے ممکن؟

سہانے خواب
ڈاکٹر محمد نواز خان

سورۃ سجدہ، پارہ نمبر 25، آیت نمبر 50، اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ''انسان کو جب ہم نعمت دیتے ہیں تو وہ منہ پھیرتا ہے اور اس کو جب کوئی آفت چھو جاتی ہے تو لمبی چوڑی دعائیں کرنا شروع کر دیتا ہے یا شروع کرنے لگتا ہے''۔

کافی عرصہ کے بعد قلم اُٹھایا۔ کبھی سوچتا ہوں اب نہیں لکھوں گا لکھنے کا فائدہ کیا۔ جب اندر ہی اندر کُڑھتا ہوں تو قلم ہی کا سہارا لیتا ہوں۔ آج کی بات دو طرح سے عوام الناس تک پہنچانے کی کوشش کروں گا۔ ایک حق اور سچ اور دوسرا جھوٹ اور فراڈ۔ اس سے پہلے (لی کوان یو) کی بات سے شروع کرتا ہوں۔ اس نے کہا کہ جب تم کسی شہر میں چوروں کو حکمران بنتا دیکھو تو اس کی دو ہی وجوہات ہو سکتی ہیں یا تو اس ملک کا سسٹم کرپٹ ہے یا وہاں عوام بے شعور ہیں۔ میں نے ملک ریاض جو پاکستان میں بہت بڑا سرمایادار ہے اس کا ایک انٹرویو سنا جو کسی غیر ملکی کو دے رہا تھا۔ چونکہ انٹرویو انگریزی میں تھا۔ غور سے پڑھیئے۔ اس نے کیا کہا۔ پاکستان کا 60 فیصد بزنس جس میں خاص طور پر ایگریکلچر اس وقت سیلاب میں تباہ ہو چکا ہے۔ پاکستان میں بہت بڑے 140 سرمایادار یا مالدار لوگ ہیں سب باقیوں سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ وہ سامنے آئیں۔ ملک ریاض نے کہا کہ میں اعلان کرتا ہوں کہ میں اپنی ٹوٹل جمع پونجی یعنی ایسڈ سے 75 فیصد ملک میں دوبارہ تعمیر کے لیے دیتا ہوں جو مشکلات میں گرے ہوئے کے لیے مردے کو آکسیجن دینے کیلئے ایک بڑا کنٹریبیوشن ہوگا۔ سوال کرنے والے نے پوچھا کہ یہ 75 فیصد سرمایا کتنا ہوگا تو جواب ملا کہ یہ تقریباً دو بلین ڈالر سے زیادہ ہوگا اور میں اللہ کے فضل سے مشکلات میں گرے پاکستانیوں کو ان مشکلات سے نکالنے کے لیے دے رہا ہوں۔ ان سے سوال ہوا کہ آپ یہ سرمایا حکومت پاکستان کو دینگے جواب ملا نہیں ہرگز نہیں۔ اس لیے کہ اگر میں یہ پیسہ حکومت پاکستان کو دوں گا تو ان میں سے 48 فیصد ضائع ہوں گے اور حکومت ٹھیکیداری سسٹم استعمال کرے گی۔ 20 فیصد کنٹریکٹر کا منافع ہوگا۔ 06 فیصد انکم ٹیکس، 22 فیصد دوسو سال پیچھے کی مد میں چلا جائے گا۔ مگر میں ان چکروں کے بجائے یہ پیسہ صرف مشکلات میں گرے اپنے پاکستانیوں کو دینا چاہتا ہوں۔ میں اس مندرجہ بالا کرپشن کے لیے ہرگز نہیں دوں گا۔ یہ سب پیسے برائے راست تعمیراتی کمپنیوں کو دینا چاہتا ہوں تا کہ یہ پوری کی پوری رقم انسانی فلاحی کاموں کے لیے خرچ ہو۔ اس سرمائے سے 80 ہزار لوگوں کو رہائش ملے گی۔ گھروں کے ساتھ وہاں ہسپتال اور سکول بنیں گے۔ کیا اگر آپ کو باقی لوگوں سے پیسے ملیں تو آپ خود یہ کام کرانے کے لیے تیار ہیں۔ کیا آپ گارنٹی دیتے ہیں۔ جواب آیا جی ہاں میں گارنٹی دینے کے لیے تیار ہوں۔ 4 ہزار ڈالر سے کئی مکان بنائے جا سکتے ہیں۔

سوال پھر ہوا کہ ایک پاکستانی روزانہ ایک پاؤنڈ میں پانچ دن کھانا کھاتا ہے آپ کیسے گارنٹی دیں گے کہ آپ جب یہ پیسہ لوگوں کے تھرو خرچ کریں گے تو اس میں کرپشن نہیں ہوگی۔ اگر پاکستانی عوام پر مشتمل کمیٹی بنائی جائے اور گورنمنٹ دیانتداری سے دیکھ بھال کرے، کوالٹی چیک کرے اور دیکھا جائے کہ واقع یہ پیسہ صحیح جگہ پر لگ رہا ہے۔ یہ لاج اسکیل پروگرام ہونا چاہیے۔ ملک ریاض آپ 150 ہزار لوگوں کو کھانا مہیا کر رہے ہیں، 80 ہزار لوگوں کو میڈیکل اور تعلیم کی سہولت دے رہے ہیں۔ میں اپنی ہر یعنی اپنے ملک کے عوام کو مشکلات سے نکالنے لیے تیار ہوں۔ جب میرے ملک کے عوام بغیر کھانے اور بغیر چھت کے سوتے ہیں تو میں ہرگز نہ سو سکتا ہوں اور نہ کھا سکتا ہوں۔ ایک طرف تو ملک ریاض کا انٹرویو ہے جس نے کئی عرصہ پہلے کہا تھا کہ آپ پاکستان میں دس لاکھ کنال بنجر زمین مجھے دے دیں اور میں پاکستان کا پورا قرض اتارنے کی گارنٹی دیتا ہوں۔ دوسری طرف ایک دوسرا دلچسپ واقع پڑھیئے۔

ایک شادی میں جانا ہوا۔ وہاں کنارے پر بیٹھے جان پہچان والے شخص پر نظر پڑی۔ وہ اکیلا ایک کونے میں بیٹھا ہوا تھا میں بھی جا کر اس کے پاس بیٹھ گیا۔ گپ شپ ہونے لگی۔ وہ گاڑیوں اور انجن آئل کا کام کرتا ہے۔ حال احوال پوچھنے کے بعد ملکی حالات پر بات چیت ہوئی۔ اس نے کہا مہنگائی ہے کاروبار نہیں چل رہا اب کاموں میں برکت نہیں رہی۔ ابھی پرسوں کی بات ہے ایک بندے نے گاڑی کا آئل تبدیل کروایا 2500 سو کا بل بنا۔ اس میں وہ ایک ہزار روپے کا جعلی نوٹ دے کر چلا گیا۔ میں نے کہا کہ آپ کا تو بڑا نقصان ہو گیا ہے۔ کہنے لگا کوئی بات نہیں پہلے اس کو گالیاں نکالی پھر کہنے لگا اللہ کا شکر ہے کہ میں نے بھی جعلی انجن آئل اس کی گاڑی میں ڈالا تھا ورنہ میں تو مارا جاتا۔ اس دوران حال میں کھانا کھانے کا اعلان ہو گیا۔ لوگ اسطرح بھاگے جیسے بھونچال آ گیا۔ ہولگ رہا تھا۔ کھانے نہیں کھلا بلکہ لوگ کھل گئے ہیں۔ وہ بندہ بھی مرغی کے قورمے کا ڈھیر پلیٹ میں بھر کر واپس اپنی جگہ پر آیا۔ پہلے میں نے سوچا کہ شاید وہ اسی پلیٹ میں میرے لیے بھی لایا ہے مگر بیٹھ کر کہنے لگا بھائی جی آپ بھی لے آئیں۔ بعد میں تو شادی حال والے خراب کھانا دینا شروع کر دیتے ہیں۔ میں بھی تھوڑی سی بریانی لے کر آ گیا۔ میں نے پوچھا جعلی نوٹ کا کیا بنا۔ کہنے لگا ڈولہے کے والد نے شادی میں بولا تھا۔ وہ جعلی نوٹ اس کو لفافے میں بند کر کے گفٹ کے طور پر دے دوں گا۔ پھر میز کے نیچے سے چھپائی ہوئی چار بوتلوں سے ایک بوتل نکالی اور دو گھونٹ میں خالی کر دی اور دس سیکنڈ کا لمبا ڈکار لینے کے بعد عقیدت سے آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر بند کیں اور کہنے لگا شکر الحمداللہ۔ میں نے سوچا اس نے جعلی نوٹ دے کر پیٹ بھر کر کھانا کھا کر کتنا خوش ہوا ہوگا۔ بعد میں پتہ چلا کہ وہاں بھی مردہ مرغیوں کا قورمہ پکا ہوا تھا۔

اصل میں یہی حال ہے ہمارے پورے ملکی سسٹم کا۔ تھانے رشوت کا گڑھ ہیں اور وہاں پر لکھا ہوتا ہے کہ ''رشوت دینے والا اور لینے والا دونوں جہنمی ہیں''۔ کچہری میں دو سو روپے میں گواہ مل جاتا ہے۔ مگر وہاں لکھا ہوتا ہے ''شرک کے بعد جھوٹی گواہی دینا سب سے بڑا گناہ ہے''۔ ہماری عدالتوں میں انصاف نیلام ہوتا ہوا نظر آیا مگر وہاں لکھا ہوا ہوتا ہے کہ ''لوگوں کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرنا عین عبادت ہے''۔ ہماری درسگاہوں میں جہالیت فروخت کی جاتی ہے۔ وہاں لکھا ہوتا ہے ''علم حاصل کرو ماں کی گود سے قبر تک''۔ ہمارے ہسپتال موت بانٹتے ہیں مگر وہاں لکھا ہوتا ہے ''جس نے کسی ایک انسان کی زندگی بچائی گویا اس نے پوری انسانیت کی زندگی بچائی''۔ ہمارے بازار جھوٹ اور ملاوٹ کے اڈے ہیں۔ وہاں لکھا ہوتا ہے ''جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں ہے'' اور ملاوٹ کرتے ہیں۔ وہ ہمارا قول ہے مگر عمل نہیں جب عمل قول کے خلاف ہو تو اس کو منافقت کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں کہتا ہے کہ ''وہ کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں''۔ ان حالات میں سیلاب اور زلزلے نہیں آئیں گے تو پھر کیا دودھ اور شہد کی نہریں بہتی نظر آئیں گی۔ جو بوئیں گے وہی کاٹیں گے۔ اللہ تعالیٰ کسی قوم کے حال کو نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنے اوصاف کو نہیں بدل دیتی اور جب اللہ تعالیٰ کسی قوم کی شامت لانے کا فیصلہ کرتا ہے تو پھر وہ کسی کے ٹالے نہیں ٹل سکتی اور نہ اللہ کے مقابلے میں ایسی قوم کا کوئی حامی اور مددگار ہو سکتا ہے (سورۃ الرعد)۔ کسی شاعر نے بڑا خوب کہا ہے!

صدق چلتا ہے کوئی نہ ہنر چلتا ہے
اس شہرِ بے حس میں کاریگر چلتا ہے

میرے اس کالم پر سوچیئے گا ضرور۔ اللہ تعالیٰ ہمیں دانائی، حکمت اور ہدایت دے (امین ثم امین)۔

کیا یہ سیلاب قہر تھا؟؟

مقدس سلیم

دل دہلا دینے والا روح کو لرزا دینے واقعہ پچھلے ہی دنوں سندھ، بلوچ میں پیش آیا 2010 کے بعد 2022 میں پھر تاریخ نے اپنے آپ کو دہرایا پورے سندھ اور بلوچ کو نے اپنی لپیٹ میں لے لیا کچھ لاعلم لوگ جو اسے خدا کا عذاب یا قہر کہتے ہیں کیا وہ یہ نہیں جانتے گناہ صرف سندھ یا بلوچ میں ہوئے تھے اگر یہ خدا کا قہر ہوتا تو کیا صرف سندھ اور بلوچ میں اترتا۔ ذرا سوچیے کہ اس پوری دنیا میں کوئی انسان ایسا نہیں جو گناہ سے پاک ہو کوئی ایسی جگہ نہیں جس پر کوئی گناہ سرزد نہ ہوا ہو۔ تو کیا یہ صرف عذاب بلوچ یا سندھ پر نازل ہوتا فلسطین، برمہ، مقبوضہ کشمیر جہاں ظلم انتہا کو پہنچا ہے جہاں مسلمانوں کی زندگیوں کو کھیل تماشا بنا دیا گیا ہے اگر خدا کا قہر ہوتا تو برمہ میں نازل نہ ہوتا۔ فلسطین پر کیوں نہیں اترتا، کشمیر کے ان ظالموں پر پر غزاب کیوں نہ ٹوٹتا۔ ہاں اسے ہم اللہ کی طرف سے اسے ایک امتحان کہہ سکتے ہیں ہم معمولی سے گناہ گار انسانوں کی تو۔ یہ اوقات بھی نہیں کہ ہم اللہ کے امتحان پر پورا اتر سکتے سکیں۔ ہمارہ ایمان ہمارے ارادے اتنے کمزور ہیں کہ ہم اللہ کہ امتحان کو بھی نہ پورا کر سکے وہ پانچ دوست جو ہیلی کا پٹر کو خدا سمجھ بیٹھے تھے۔ کہ ہیلی کاپٹر آئے گا اور ہمیں بچائے گا لوگ اُن کو رسیاں بھی پھینکتے رہے مگر وہ جہاز کی آس میں چل بسے اُن کی زندگیوں کا اللہ پاک نے شاہد ایسے ہی خاتمہ لکھا تھا

انھوں نے اپنی زندگی کو بچانے کے لیے کچھ نہ کیا وہ اسکا آس میں تھے کہ شاید جہاز آ؟ گا اور نہیں بچائے مگر جو اللہ کی مرضی ہمارے ارادے تو کمزور ہیں۔ ہمارے ایمان تو اور بھی زیادہ کمزور ہیں۔ تمام ممالک نے ان سیلاب زدگان کی مدد کی دل کھول کر کی۔ مگر ہم میں سے کسی نے بھی یہ نہیں سوچا کہ ہم ان کو نیا سامان بھجیں ہم نے وہی چیزیں بھیجی جو ہمارے استعمال میں نہیں تھی۔ تو اہاری کیا اوقات کہ ہم یہ کہہ سکیں کہ ان پر عذاب نازل ہوا ہے۔ کیا یہ عذاب ہوتا تو پوری دنیا میں نہ ہوتا۔ اللہ پاک ہم سب کو ہدایت دے اور ہمارے ایمان کو مظبوط کرے اور اُس سیلاب میں جان بحق ہوئے لوگوں کو جنت الفردوس میں جگہ دے امین

☆☆☆☆

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔۔۔۔۔(ادارہ)

ن لیگی رہنماؤں اور وفاقی وزرا کے اجلاس کی آڈیو لیک

وزیر اعظم ہاؤس کی سکیورٹی پر سوالات اٹھ گئے، ردعمل سے گریز

[illegible]

ملک بھر میں سیلاب کی وجہ سے مزید 10 افراد جاں بحق

شہداد کوٹ، جیکب آباد، لاڑکانہ، خیرپور، دادو، ٹھٹہ شدید متاثر

[illegible]

بقیہ 1

شکریہ ادا کیا۔ ڈی سی/ایڈمنسٹریٹر ممتاز کاظمی نے خطاب کرتے ہوئے کہا انہوں جن چھ منصوبوں کو ترجیحات میں رکھا تھا ان میں سے دو روڈز، ذبح خانہ اور قبرستان کی تکمیل ہو چکی جلد ڈیمپنگ سائیٹ اور یوٹرن کا افتتاح بھی ہوگا اسکے علاوہ درجن بھر چھوٹے منصوبے مکمل ہو چکے۔ خدمت کے جذبے سے کوشاں ہیں تا کہ راولاکوٹ کی ترقی اور ٹورازم کے فروغ میں حصہ ڈال سکیں۔

بقیہ 2

زبدھ 28 ستمبر کو مرکز اہلسنت جامعہ محمدیہ غوثیہ پچھری میں استقبال ربیع الاول کے حوالے سے ایک پروگرام منعقد ہو گا جس میں علماء کرام، نعت خواں حضرات خصوصی طور پر شریک ہوں گے۔ اس بات کا اعلان مرکزی جامعہ محمدیہ پچھری راولاکوٹ میں ممتاز مزہبی سکالر پروفیسر ڈاکٹر عبد القدوس خان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں سیکٹریری جنرل جمیعت علماء جموں کشمیر خان عبدالقیوم خان، میلاد کمیٹی کے صدر حاجی طاہر صدیق، جنرل سکٹریری میلاد کمیٹی حافظ شاہد رضا، خطیب اللہ والی مسجد علامہ مولانا الطاف، شفیق رضا، المصطفی راولاکوٹ کے صدر منیر احمد قادری، حافظ اسرار احمد، قاری ضمیر قادری، مولانا نزاکت حسین، صغیر خان، طاہر نقشبندی اور دیگر شریک تھے۔ اجلاس میں شہر اور گردنواح میں میلاد شریف کے پروگرامات کے حوالے سے انتظامات کے لیے بھی مختلف کمیٹیوں تشکیل دی گئی ہیں جو شہر میں تاجران کے ساتھ رابطہ کر کے پورے شہر کی سجاوٹ کروانے میں اپنا کردار ادا کریں گی علاوہ مختلف تعلیمی اداروں میں بھی میلاد شریف کی مافل کا انقعاد بھی کیا جائے گا اجلاس میں ؟؟ ربیع الاول کی موٹر کار ریلی اور ؟؟ ربیع الاول کے مرکزی جلوس و پروگرام کے حوالے سے امور کو زیر غور لایا گیا۔

بقیہ 3

غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام قانوں یو اے پی اے کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے اس پر عسکریت پسندوں کو پناہ دینے کا الزام ہے۔ پولیس نے بشیر احمد میر کو گھر سے بے دخل کر کے گھر ضبط کر لیا ہے۔ پولیس ترجمان نے کہا کہ پولیس نے مجاز حکام سے قانونی منظوری حاصل کرنے کے بعد وانپورہ گریز کے بشیر احمد میر نامی ایک شخص کے رہائشی مکان کو موجودہ ونرینا میں منسلک کر دیا۔

بقیہ 4

کو ضلع جیسلمیر میں گرفتار کیا گیا۔ ذرائع ابلاغ کی رپورٹس کے مطابق نوجوانوں کی شناخت جمیل اقبال اور معروف حسین کے ناموں سے ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق انہیں بغیر اجازت ممنوعہ علاقے میں چندہ جمع کرنے پر گرفتار کیا گیا ہے۔ یہ اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ نہیں ہے جس میں کشمیری نوجوانوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ گزشتہ سال اگست میں بھی راجستھان پولیس نے پونچھ کے دو نوجوانوں کو اس وقت گرفتار کیا تھا جب وہ ضلع جیسلمیر کے ایک گاؤں راما میں مدرسے کے لئے چندہ جمع کر رہے تھے۔

بقیہ 5

کا اظہار کرتے ہیں کہ اس وقت راولاکوٹ شہر کا سب سے بڑا مسئلہ پارکنگ ہے جس کے حل کیلئے اقدامات انتہائی ناگزیر ہیں اور ڈپٹی کمشنر پونچھ اس طرف بھی اپنی خصوصی دلچسپی سے اس مسئلہ کے حل کی طرف بھی مزید اقدامات اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں موجود گداگروں کے خلاف بھی سخت کاروائی کی جائے تاکہ لوگوں کو بلاوجہ تنگ کرنے کا ایک نیا سلسلہ جو شروع ہوا ہے اس کی بھی روک تھام ممکن ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایس ایس پی پونچھ اور اے ایس پی کو بھی مبارکباد پیش کرتے ہیں جو منشیات فروشوں کے خلاف اپنی کاروئیاں جاری رکھے ہوئے ہیں اور ساتھ یہ مطالبہ بھی کرتے ہیں کہ شہر میں رانگ پارکنگ، تجاوزات، پینافلیکس اور بل بورڈز کو اتارتے ہوئے ان ذمہ داران کے خلاف بھی سخت کاروائی عمل میں لائی جائے تاکہ مستقبل میں شہر ایک صاف ستھرا اور رول ماڈل بن سکے۔

بقیہ 6

آزاد کشمیر ضلع پونچھ کے صدر سردار عامر خورشید، سابق امیدوار اسمبلی سردار سعود صادق، پی وائی کے مرکزی چیئر مین ببرک خان، پی ایس ایف کے وائس چیئر مین رئیس خان، پیپلز پارٹی، پی وائی او، پی ایس ایف کے عہدیداران، حلقہ صدور اور دیگر عہدیداران کے ہمراہ پر ہجوم پریس کانفرنس کی، اس موقع پر سابق مشیر حکومت سردار عظیم خان ایڈووکیٹ، صدر حلقہ تین سردار اسلم خان، صدر حلقہ چار سردار حمید افضل، صدر حلقہ پانچ ڈاکٹر شیراز، نوشین کنول ایڈووکیٹ، سردار حفیظ خان، سردار ابرار حقانی، سردار آبشار کفائت، سردار سجاد خان، پیر مرتضی خان، سردار آصف اعظم، خان سجاد خان، سردار ظفر محمود، ایاز خادم اور دیگر بھی موجود تھے، ان عہدیداران نے کہا کہ چوہدری لطیف اکبر آزاد کشمیر کی سیاست کا ایک معتبر نام ہیں، ان کا سیاسی کردار سب کے سامنے ہے اور مخالفین بھی ان کے جمہوری رویوں اور جدو جہد کے معترف ہیں، ان کی سیاسی خدمات سنہری حروف میں لکھی جائیں گی، ان کے خلاف وزیراعظم آزاد کشمیر نے زبان درازی کر کے یہاں کے پرامن سیاسی ماحول کو خراب کرنے کی سازش کی، جسے کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے، شیشے کے گھر میں بیٹھ کر پتھر مارنے والوں کا اپنا گھر بھی محفوظ نہیں رہتا، ہمارے صبر کا امتحان نہ لیا جائے اور نہ ہی ہماری سیاسی رواداری کو کمزوری سمجھا جائے، آزاد کشمیر میں ایک ایسے شخص کو وزیراعظم کے عہدہ پر مسلط کیا گیا جو خود تو مدہوش رہتا ہے اور دوسروں کو بھی مدہوش سمجھتا ہے، اس نااہل شخص نے پونچھ کا نام استعمال کر کے اہل پونچھ کی تضحیک کی ہے، اس لئے ایسے شخص کو اس منصب پر رہنے کا کوئی حق حاصل نہیں، وزیراعظم جسے خود اپنے ممبران اور پارلیمانی پارٹی کا اعتماد حاصل نہیں اس کے دن گنے جا چکے ہیں اور پاکستان پیپلز پارٹی جمہوری طریقہ سے اپنا حق استعمال کرتے ہوئے اقتدار میں آئے گی، تحریک عدم اعتماد پیش کرنا پیپلز پارٹی کا آئینی و جمہوری حق ہے جسے کوئی نہیں سلب کر سکتا، محض پیسوں اور دولت کی بنیاد پر عہدہ حاصل کرنے والوں کی اصلیت عوام کے سامنے آچکی ہے، انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے جمہوریت کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں جن کا ہم صورت تحفظ کریں گے، آزاد کشمیر کا خطہ عمرانی فتنہ کا متحمل نہیں ہوسکتا، ایک نااہل اور مدہوش شخص نے کشمیر کی وحدت اور خطہ کو تشخص مسخ کرنے کی سازش کی، ٹورازم اتھارٹی کے نام پر یہاں بدامنی کے ماحول کو پیدا کرنے کی کوشش کی، ہم لازوال تاریخ کے حامل ہیں اور اپنے اسلاف کی قربانیوں کا تحفظ کرنا بھی جانتے ہیں، خطہ پونچھ نے ہمیشہ تاریخ ساز سیاسی شخصیات کا جنم دیا اور یہ برسوں سے جمہوری روایات کا درخشندہ تسلسل برقرار ہے، ہم اپنے اسلاف کی قربانیوں کو کسی طور رائیگاں نہیں جانے دینگے، وزیراعظم آزاد کشمیر فوری طور پر اپنے کئے پر معافی مانگیں ورنہ انہیں ایوانوں سے باہر نکالنے کیلئے بھرپور تحریک چلائیں گے۔

بقیہ 7

تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر حقیقی تاجر پینل کے ذمہ داران اور کھائی گلہ کے تاجروں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ افتتاحی تقریب سے نامزد صدر حقیقی پینل ماما ارشد نے بھی خطاب کیا جبکہ نظامت کے فرائض نامزد سیکرٹری جنرل سہیل لطیف نے انجام دیئے۔ تلاوت قرآن پاک کی سعادت بہرام حمید نے حاصل کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ گزشتہ 5 سالوں سے ہم نے انجمن تاجران کھائی گلہ کے قیام کی جدوجہد کر رہے تھے کھائی گلہ کے تاجروں کی یہ خواہش تھی کہ یہاں انجمن تاجران کی صورت میں ایک غیر سیاسی اور تاجروں کے حقوق کا محافظ ایک پلیٹ فارم ہونا چاہیے کھائی گلہ کے تمام تاجر مبارکباد کے مستحق ہیں کہ ان کی محنت رنگ لائی اور کھائی گلہ انجمن تاجران قائم ہونے جا رہی ہے اور آج کھائی گلہ کے تاجر بجا طور پر اس کامیابی پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں۔ ماما ارشد نے کہا کہ ہم ہار جیت کی دوڑ سے بالا تر ہو کر انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں ہماری اور تاجران کی دیرینہ خواہش تھی کہ تاجران کا نمائندہ پلیٹ فارم ہو جو تاجران کو درپیش مسائل کے حل کیلئے فعال کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ تاجران نے 29 ستمبر کو ہمارے پینل کو کامیاب کیا تو انشاءاللہ کھائی گلہ تاجران

کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی پینل کامیابی حاصل کرے تاجروں کے حقوق کا تحفظ اور کھائی گلہ شہر کی ترقی ہماری اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 8

CEC سردار خان سجاد خان جنرل سیکرٹری طاہر عزیز کو بنایا گیا ہے۔ جبکہ ضلعی صدر سردار عامر خورشید نے حلقہ پانچ کی تمام یونین کونسلوں کے صدور و جنرل سیکرٹرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ یونین کونسلوں کے امیدواروں اور وارڈز کے تمام امیدواروں کو آگاہ بھی کریں۔ تاکہ بلدیاتی الیکشن میں حصہ لینے والے پاکستان پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم سے ان سب کو آگاہ کیا جاتا ہے۔ کہ وہ اپنی درخواستیں اس شیڈول کے مطابق پارٹی قیادت کی ہدایت کے مطابق فوری طور پر جمع کروائیں۔ اپنی درخواست شناختی کارڈ کاپی اور میٹرک کی سند کاپی یونین کونسل اور وارڈز امیدوار مقررہ فیس کے ہمراہ 26 ستمبر سے 30 ستمبر تک دن 11 بجے سے سہ پہر 03 بجے تک صدر حلقہ پانچ پاکستان پیپلز پارٹی ڈاکٹر محمد شیراز خان کے آفس میں جمع کروائیں۔ تاکہ بروقت تمام امیدواروں کو ٹکٹ جاری کیے جاسکیں

بقیہ 9

پرندوں کی انٹری فیس 300 روپے رکھی گئی ہے۔ اس دوران پرندوں کو ویکسین لگائی جائے گی اور چیک آپ کے بعد ادویات بھی دی جائینگی۔ اس موقع پر خوبصورت پرندوں کے مالکان کو انعامات بھی دیئے جائیں گے۔ طلباء کی طرف سے ایسے لوگوں کو جنہوں نے گھروں میں پرندے پال رکھے ہیں شو میں آنے کی دعوت دی گئی ہے۔

بقیہ 10

کے نیچے میں اب تک 76 افراد ڈوب کر ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق لبنان سے 150 تارکین وطن کو لے کر یورپ جانے کی کوشش کے دوران کشتی شام کے ساحل پر الٹ گئی اور مسافر سمندر میں گر گئے۔ کوسٹ گارڈ کے اہلکاروں نے سمندر سے اب تک 45 بچوں سمیت 76 تارکین وطن کی لاشیں نکال لی ہیں جب کہ دیگر کو بچالیا گیا جن میں سے 20 اسپتال میں زیر علاج ہیں اور 3 کی حالت نازک بتائی جارہی ہے۔ یہ تارکین وطن چند قبل لبنان سے یورپ جانے کے لیے نکلے تھے، لبنان میں معاشی حالات کافی خراب ہیں اور حکومت نے بینکوں سے پیسہ نکلوانے پر بھی پابندی عائد کر رکھی ہے۔ لبنان میں معاشی بحران کے باعث بڑی تعداد میں شہری اچھے مستقبل کے لیے یورپی ممالک کا رخ کرتے ہیں اور ایسے حادثات کا شکار ہو جاتے ہیں۔

بقیہ 11

لائن کے نزدیک مڑھل سیکٹر کے علاقے ٹیکری ناڑ میں محاصرے اور تلاشی کی ایک پرتشدد کارروائی کے دوران شہید کیا۔ پولیس نے دعوی کیا ہے کہ شہید ہونے والے نوجوان عسکریت پسند تھے جو بھارتی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں مارے گئے۔

بقیہ 12

رہنما امیت شاہ 30 ستمبر کو جموں شہر پہنچیں گے اور یکم اکتوبر کو وہ شمالی کشمیر کے ضلع بارہمولہ میں ایک اجلاس سے خطاب کریں گے۔ امیت شاہ بارہمولہ سے سرینگر جائیں گے اور سرینگر شہر میں ایک اعلی سطحی سیکورٹی اجلاس کی صدارت کریں گے تا کہ اپنی تشدد پسند مسلح فورسز کی کشمیر دشمن کارروائیوں پر پیش رفت کا جائزہ لے سکیں۔ سرینگر میں ہونے والے اجلاس میں سیکورٹی کا جائزہ لیا جائے گا جہاں بی جے پی کے کٹھ پتلی گورنر منوج سنہا، بھارتی فوج، پیرا ملٹری فورسز اور پولیس کے اعلی حکام اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کے سربراہاں موجود ہوں گے۔ جموں میں بی جے پی کے جنرل سیکریٹری سنیل شرما نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ امیت شاہ 30 ستمبر کو جموں پہنچیں گے، یکم اکتوبر کو راجوری میں ایک جلسہ عام سے خطاب کریں گے اور اسی شام وادی کشمیر کے لیے روانہ ہوں گے۔

بقیہ 13

اوران کے مویشیوں کے ہائی وے پر پیدل چلنے پر پابندی عائد کی گئی ہے۔ سرینگر جموں ہائی وے واحد راستہ ہے جو کشمیر کو باقی دنیا سے ملاتا ہے۔ خانہ بدوش قبائل کے لاکھوں لوگ خاص طور پر گجر اور بکروال ہر سال جموں خطے سے وادی کشمیر کی طرف ہجرت کرتے ہیں جب اپریل۔ مئی میں جموں کے میدانی علاقوں میں درجہ حرارت بڑھنے لگتا ہے اور پھر سردیوں کے آغاز سے پہلے واپس اپنے علاقوں میں آجاتے ہیں۔

بقیہ 14

سے ملزم کے 4 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی تاہم عدالت نے ایک روز کا ریمانڈ منظور کیا۔ ایاز امیر کے وکیل نے عدالت میں موقف دیا کہ میرے موکل مقدمے میں نامزد نہیں، اسکے خلاف کوئی ثبوت نہیں ہیں جبکہ پولیس نے صحافی کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کرتے ہوئے موقف اپنایا تھا کہ کیس ہائی پروفائل ہے ملزم سے تفتیش ضروری ہے۔ قبل ازیں کالم نگار ایاز امیر کو بہو سارہ کے قتل کیس میں گرفتار کیا گیا تھا۔ جمعہ کے روز ایاز امیر کے بیٹے شاہنواز نے اپنی اہلیہ کا بے دردی سے قتل کر دیا تھا، ملزم پہلے ہی جسمانی ریمانڈ پر پولیس کی تحویل میں ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سارہ کے قتل کیس میں 302 کے ساتھ دفعہ 109 بھی شامل کی گئی ہے اور ایاز امیر اور انکی اہلیہ کو بھی شامل تفتیش کیا گیا ہے۔

بقیہ 15

کہ اسلام آباد میں گزشتہ روز ڈینگی کے 104 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ڈاکٹر زعیم ضیائے نے بتایا ہے کہ رواں سال اسلام آباد میں ڈینگی کے مریضوں کی مجموعی تعداد 1923 ہو گئی ہے۔ دوسری جانب پشاور کے لیڈی ریڈنگ اسپتال کے ترجمان کا کہنا ہے کہ اسپتال میں ڈینگی کی تشخیصی ٹیسٹ کی کٹس وافر مقدار میں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لیڈی ریڈنگ اسپتال میں ڈینگی مریضوں کے لیے الگ وارڈ بنایا گیا ہے جس میں 21 مریض زیر علاج ہیں۔

بقیہ 16

حنان بابر نے خصوصی شرکت کی۔ اس کے علاوہ جامعہ پونچھ سے عادل خان، عبدالوہاب، جواد سلیم، عدیل سمیت درجنوں طالب علم ساتھیوں نے شرکت کرتے ہوئے این ایس ایف کی جدوجہد کو جاری رکھنے کا عزم کیا۔ سیمینار میں نظامت کے فرائض مجیب خان نے ادا کئے جبکہ بدر رفیق، سعد الحسن، سبحان عبدالمالک، عبدالوہاب سمیت دیگر نے خطاب کیا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے بدر رفیق اور سعد الحسن کا کہنا تھا کہ این ایس ایف ناصرف پاکستانی جموں کشمیر کی پہلی طلبہ تنظیم ہے بلکہ جموں کشمیر کے طلبہ و نوجوانوں کے انقلابی شعور کی ترجمان ہے۔ اپنی 56 سالہ تاریخ میں این ایس ایف نے تعلیمی اداروں کے قیام، انفراسٹرکچر کی تعمیر سمیت دیگر طلبہ مسائل کے حل کے لئے لہورنگ جدوجہد کی۔ مقررین کا مزید کہنا تھا کہ این ایس ایف نے طلبہ مسائل سے ہٹ کر یہاں مسئلہ کشمیر کے انقلابی حل، نوجوانوں، خواتین، ملازمین، بے روزگاروں اور محنت کش عوام کی دیگر پرتوں کے حقوق کے لئے ناقابل مصالحت جدوجہد کرتے ہوئے تاریخ رقم کی۔ ان کا کہنا تھا کہ این ایس ایف آج بھی طلبہ کی حقیقی نمائندگی کرتے ہوئے طلبہ حقوق کی جنگ میں مصروف عمل ہے۔ نعیم اکرم شہید، شہدا کچھوٹھی سمیت تمام تر شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے مقررین کا کہنا تھا کہ این ایس ایف شہداء کی وارث ہے۔ عبدالوہاب سمیت جامعہ پونچھ کے دیگر طلبہ نمائندوں کا کہنا تھا کہ 24 ستمبر کو پونچھ باغ میں منعقد ہونے والے "طلبہ حقوق مارچ" اور نعیم اکرم شہید کے نام سیمنسوب "طلبہ حقوق کنونشن" میں جامعہ پونچھ سے بھرپور شرکت کریں گے۔ عبدالوہاب کا مزید کہنا تھا کہ جامعہ کے طلبہ این ایس ایف کی ملک گیر مہم میں بھرپور شامل ہوتے ہوئے تعلیمی اداروں کے انفراسٹرکچر کی تعمیرو بحالی، طلبہ یونین کی بحالی سمیت جدید سائنسی تعلیم کو ہر سطح پر مفت فراہم کئے جانے تک جدوجہد کا کلیدی حصہ رہیں گے

بقیہ 17

تحریک انصاف خواتین ونگ کی رہنماؤں، آسیہ رئیس ایڈووکیٹ، فائزہ ہاشمی، لائبہ کوثر، مریم اعوان

ایڈووکیٹ، شبنم عارف، فائزہ خان نے شرکت کی اس موقع پر خواتین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ قائد پاکستان عمران خان کا 29 ستمبر کو تحریک آزادی کے بیس کیمپ آمد پر فقید المثال استقبال کیا جائے گا پورے آزاد جموں وکشمیر سے مائیں، بہنیں اور بیٹیاں اپنے قائد کی ایک جھلک دیکھنے کو بے تاب ہیں ان شاءاللہ تحریک انصاف کا یہ جلسہ آزاد جموں وکشمیر کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ ہوگا۔ خواتین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان اور تحریک انصاف کے خلاف سازشیں کرنے والوں کو منہ کی کھانا پڑے گی خواتین رہنماؤں نے کہا کہ 29 ستمبر کا دن تاریخی دن ہے جب قائد پاکستان عمران خان آزاد جموں وکشمیر کی عوام سے خطاب کریں گے اور حقیقی معنوں میں وہ سفیر کشمیر بھی ہیں۔

بقیہ 18

گئی ہے، جس سے خواتین اور نوجوانوں کے بنیادی مسائل کے حل میں مدد ملے گی، موروثی سیاست کے خاتمے کے لیے بلدیاتی انتخابات اور طلباء یونینز کی بحالی ضروری ہے ان دونوں اداروں کے الیکشن نہ ہونے کی وجہ سے نئی سیاسی قیادت سامنے نہیں آسکی ہمارے باصلاحیت نوجوان بیرون ممالک میں جا کر اپنی صلاحتیں دوسروں مفاد میں استعمال کرنے میں مجبور ہیں، پی ٹی آئی کی حکومت عمران خان کے ویژن کے مطابق نوجوانوں کو قومی دھارے میں لانے کے لیے کام کر رہی ہے عمران خان نے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو استعمال کرنے کے لیے ہر فورم پر نوجوانوں کو آگے لایا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے باغ میں سی پی ڈی آر کے زیر اہتمام بلدیاتی الیکشن میں خواتین اور نوجوانوں کے کردار پر منعقدہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا کانفرنس سے پروفیسر کوثر شاہ، طاہر احمد عباسی، افراز گردیزی، ثاقب تحیم، پرنسپل حلیم شاہ، پروفیسر ڈاکٹر مسعود انور، اظہر شاہ، طارق چغتائی، نوبت شاہ، شوکت تیمور، عامر شاہ، ارتضی محمد، بلال خانزادہ، روبینہ ناز، اور دیگر نے خطاب کیا مقررین نے پورے آزاد کشمیر میں سی پی ڈی آر کی طرف سے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے عوام میں شعور اجاگر کرنے کے لیے کانفرنسز کے انعقاد کے اقدام کو سراہا، مقررین نے کہا کہ بلدیاتی ادارے سیاسی قیادت کی نرسریاں ہیں عوام بالخصوص نوجوان بلدیاتی انتخابات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے اپنے علاقوں کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں، لوکل یونین کونسلز، وارڈ محلہ کے تمام مسائل کا حل صرف بلدیاتی الیکشن ہی ہیں حکومت آزاد کشمیر کو سپریم کورٹ کے حکم پر بلدیاتی الیکشن کروا کر اختیارات نچلی سطح پر منتقل کرنے ہونگے

بقیہ 19

کا اظہار سابق امیدوار اسمبلی مسلم لیگ ن حلقہ شرقی باغ چوہدری اعجاز احمد کھٹانہ نے باغ بلدیاتی الیکشن کے مشاورتی اجلاس اور سردار مراد انور ایڈووکیٹ کے ساتھ شامل ہونے والے معززین کے اعزاز میں اپنی طرف سے د؟ے گیے استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آمدہ بلدیاتی الیکشن میں مسلم لیگ ن پورے حلقہ شرقی سے حیران کن نتا؟ج دے گی ہم اپنے نشان پر امیدوار میدان میں اتاریںگے کسی سے کوئی اتحاد کا فارمولہ نہیں ہے کارکن بھرپور تیاری جاری رکھیں کسی بھی انتخابات کا شیڈول کا اعلان ہو سکتا ہے انہوں نے کہا کہ جماعت صدر مسلم لیگ ن آزاد کشمیر شاہ غلام قادر کی قیادت میں متحد و منظم ہے اس موقع پر انہوں نے کارکنان سے خطاب کرتے ہوے کہا کہ مراد انور ایڈووکیٹ کو مسلم لیگ میں شمولیت پر اپنی اور پوری تنظیم کی طرف سے مبارکباد پیش کرتا ہوں انہوں نے کہا کہ ن؟ے شامل ہونے والے کارکنان سے مسلم لیگ کو تقویت ملے گی انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما س؟ینیر سیاستدان چوہدری محمد عزیز کے خلاف چلائے جانے والے سوشل میڈیا ٹرینڈ کی شدید مذمت کرتا ہوں ایسی حرکتیں برداشت نہیں کی جائینگی محمد عزیز کے خلاف اٹھنے والی آوازیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ پیرا شوٹر کے سیاست میں دروازے بند ہو چکے ہیں اب کہیں کے بھی نہیں رہے اس موقع پر مراد انور ایڈووکیٹ نے چوہدری اعجاز احمد کھٹانہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میں آپ کا بھا؟ی بن کر کام کروں گا آپ کے بازو مضبوط کروں گا انہوں نے کہا کہ حلقہ میں لوٹ مار کا بازار گرم ہے وزیر زراعت پیسے بنانے کمیشن بنانے میں مصروف ہیں عوام کی کوئی خبر نہیں ہے اس موقع پر صدر حلقہ چوہدری ہمایوں گجر نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی الیکشن میں شاندار کامیابی حاصل کریں گے اور اعجاز احمد کھٹانہ کی قیادت میں عوام کی خدمت کرتے رہینگے اس موقع پر سن؟ر نا؟ب صدر حلقہ شرقی باغ محرل؟ یق اشرفی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن حلقہ شرقی باغ میں دن بدن عوامی قوت بنتی جارہی ہے لوگ چوہدری اعجاز احمد کھٹانہ کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ چوہدری اعجاز احمد کھٹانہ ہی لوگوں کو اس جکڑے ہوے مفلوج سیاسی نظام سے نکال سکتے ہیں ہم سب ان کے وژن کیساتھ کھڑے ہیں انہوں نے کہا کہ چوہدری اعجاز احمد کھٹانہ نے ٹھیکیداری نظام کے خلاف الیکشن لڑا تھا اور ٹھیکیداروں کے بغیر زبردست کمپین کی اور بڑی تعداد میں ووٹ بھی لیے آنے والا دور مسلم لیگ ن کا ہے اور حلقہ شرقی میں مسلم لیگ ن کیساتھ کھڑے رہنے والے سیاسی کارکنان کا دور ہے کسی پیرا شوٹر کی گنجا؟ش نہیں اب یہ کہانی ختم ہو چکی ہمیشہ کے لیے انہوں نے مراد انور ایڈووکیٹ سردار اعظم حیدر ایڈووکیٹ سردار بابر اعظم کیساتھ تمام ن؟ے شامل ہونے والے کارکنان کو مبارک دی اس موقع پر تقریب سے ملک آفتاب اعوان سردار سہیل چغتا؟ی اعظم حیدر ایڈووکیٹ سید اعجاز کاظمی سٹی صدر مرتضی شاہ سٹی سیکرٹری جنرل جعفر علی میر جنرل سیکرٹری یوتھ ونگ حلقہ شرقی چوہدری منیر احمد صدر ایم ایس ایف چوہدری اعجاز عزیز راجہ ظفر قلندر چوہدری محمد اشرف و دیگر نے بھی خطاب کیا تمام مقررین نے چوہدری اعجاز احمد کھٹانہ کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مسلم لیگ ن کی مضبوطی کے لیے دن رات ایک کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن کی جڑیں جہاں سے کاٹی گی تھیں اور جنہوں نے کاٹی تھیں ان کی مقدر میں اب ہزیمت ہی ہے اور ہم مسلم لیگ کو عوامی جماعت بنا کر دم لینگے اس موقع پر مقررین نے اقوام متحدہ میں کشمیری مظلوم قوم کی آواز بلند کرنے پر سفیر پاکستان خادم پاکستان وزیراعظم پاکستان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ مقبوضہ کشمیر کی آزادی اور تکمیل پاکستان تک چین سے نہیں بیٹھیں گے اس موقع پر کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور کارکنان کو ٹکٹ ہولڈر حلقہ شرقی باغ چوہدری اعجاز احمد کھٹانہ نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی الیکشن کے امیدوار صدر حلقہ اور جنرل سیکرٹری کے پاس اپنی درخواستیں جمع کروانا شروع کر دیں کامیاب پروگرام پر کارکنوں کو مبارکبادی اور شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 20

اشیاء خوردونوش لانے والی گاڑیوں کو بھی چیک کیا گیا۔ دوران کاروائی غیر معیاری اشیاء خوردونوش کی بڑی مقدار برآمد ہوئی جس میں مصالحہ جات، سنیکس، خشک دودھ اور بیکری آئٹمز شامل تھے۔ تمام اشیاء کو موقع پر تلف کر دیا گیا جبکہ حفظان صحت کے اصولوں کے مغائر اشیاء خوردونوش کی تیاری پر متعدد فوڈ بزنس آپریٹرز پر جرمانے عائد کرتے ہوئے مزید قانونی کاروائی عمل میں لائی گئی۔ فوڈ اتھارٹی نے مشکوک اشیاء خوردونوش کے نمونے بھی حاصل کرتے ہوئے لیبارٹری ارسال کیے جن کی تجزیہ رپورٹس موصول ہونے پر قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 21

اور کوششوں کو صرف عمران خان ہی روک سکتے ہیں، اگر چوبیس گھنٹوں میں ہنگامی طور پر سخت فیصلہ نہ کیا گیا تو آزاد کشمیر میں بھی پی ٹی آئی کو شدید دھچکا لگے گا آزاد کشمیر میں ایک مرتبہ پھر خرید و فروخت کا سلسلہ شروع ہو جائیگا جس کو روکنے کیلئے پارٹی چیئر مین کو فوری کردار ادا کرنا ہوگا، گزشتہ روز ہفتہ کو غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ میں ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا وزیراعظم آزاد کشمیر نے سیاسی روایات اور جمہوری رویوں کے برعکس اپوزیشن لیڈر کے خلاف بیان بازی کر کے یہاں کے پرامن سیاسی ماحول کو خراب کرنے کی

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

ڈپٹی کمشنر/ایڈمنسٹریٹر کارپوریشن راولاکوٹ نے وسیع قبرستان پوٹھی کمیونٹی کے حوالے کر دیا

چھ منصوبہ جات کو ترجیحات میں رکھا تھا ان میں سے دو روڈز، ذبح خانہ اور قبرستان کی تکمیل ہو چکی، باقی کا بھی جلد افتتاح

درجن بھر چھوٹے منصوبے مکمل، خدمت کے جذبے سے کوشاں ہیں تاکہ ترقی اور ٹورازم کے فروغ میں حصہ ڈال سکیں، ممتاز کاظمی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ڈپٹی کمشنر پونچھ/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ، سید ممتاز کاظمی نے پوٹھی بالا میں ساڑھے چار لاکھ روپے کی لاگت سے وسیع قبرستان آج کمیونٹی کے حوالے کر دیا۔ مقامی ابادی کی طرف سے ڈپٹی کمشنر کا شاندار استقبال اور بھرپور شکریہ۔ مقررین میں، امیر جماعت اسلامی پونچھ قیوم افسر، عمیر پروفیسر نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر پونچھ کی بطور ایڈمنسٹریٹر چارج سنبھالنے کے بعد چوتھے منصوبے کی تکمیل پر زبردست خراج تحسین پیش کیا اور شہر میں پہلی بار مختصر وقت میں ضروری منصوبے مکمل کرنے پر (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ:۔ سعید اسد مسلم ہینڈز انٹرنیشنل کے ایریا منیجر افتخار انقلابی کو اپنی تصنیف بطور تحفہ پیش کررہے ہیں

عمران خان آزاد کشمیر میں پارلیمانی لیڈر بدل کر نیا قائد ایوان نامزد کریں، ارشد نیازی

آزاد کشمیر کے اندر متحدہ اپوزیشن نے تحریک عدم اعتماد لانے کا اعلان کیا ہے جو پارٹی کیلئے بھی ایک خطرہ ہے

آزاد کشمیر میں پی ٹی آئی کا فارورڈ بلاک کی بازگشت، تمام سازشوں اور کوششوں کو صرف عمران خان ہی روک سکتے ہیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سابق چیئرمین پی ڈی اے، سابق ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن سردار ارشد نیازی نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر آزاد کشمیر کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس طلب کر کے نیا پارلیمانی لیڈر اور نیا قائد ایوان نامزد کریں ورنہ آزاد کشمیر میں تحریک انصاف کی حکومت کا وجود خطرے میں پڑ جائیگا جس کی تمام تر ذمہ داری موجودہ وزیراعظم سردار تنویر الیاس پر عائد ہوگی، آزاد کشمیر میں متحدہ اپوزیشن نے تحریک عدم اعتماد لانے کا اعلان کیا ہے جو پارٹی کیلئے ایک خطرہ ہے آزاد کشمیر میں پی ٹی آئی کا فارورڈ بلاک کی بازگشت بھی ہے اور ان تمام سازشوں (بقیہ 21 صفحہ 03 پر)

فوڈ اتھارٹی کی مظفر اور جہلم ویلی میں کارروائیاں جاری

غیر معیاری اور مضر صحت اشیاء تلف، بھاری جرمانے عائد، متعدد کو وارننگ

مظفرآباد (صباح نیوز) فوڈ اتھارٹی کی دارالحکومت اور جہلم ویلی کی مختلف بازاروں میں کارروائیاں، لاکھوں روپے مالیت کی غیر معیاری اور مضر صحت اشیاء تلف، بھاری جرمانے اور وارننگ، تفصیلات کے مطابق ٹیم فوڈ اتھارٹی نے راشد قریشی ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر کی نگرانی میں مظفرآباد اور ہٹیاں کے مختلف بازاروں کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ ہوٹلز، بیکرز، پروڈکشن یونٹس، ڈیری شاپس اور کریانہ سٹورز کی پڑتال عمل میں لائی گئی۔ اس کے علاوہ بیرون ریاست سے (بقیہ 20 صفحہ 03 پر)

استقبال ربیع الاول کے پروگرامات منعقد کرنے کا فیصلہ

شہر اور مساجد کو رنگ برنگے جھنڈوں، قمقموں سے سجانے کیلئے اقدامات

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) مرکزی میلاد کمیٹی راولاکوٹ نے ماہ ربیع الاول کے آغاز پر یکم ربیع الاول سے استقبال ربیع الاول کے طور پر پروگرامات کا انعقاد کرنے کا فیصلہ کر دیا، قائم میلاد کمیٹیوں شہر اور مساجد کو رنگ برنگی جھنڈیوں، برقی قمقموں سے سجاوٹ کو یقینی بنائیں گی جبکہ برو (بقیہ 02 صفحہ 03 پر)

سرینگر، یواے پی اے قانون کے تحت ایک گھر ضبط

سری نگر (کے پی آئی) شمالی کشمیر کے بانڈی پورہ ضلع میں پولیس نے یواے پی اے قانون کے تحت ایک گھر کو ضبط کرلیا ہے۔ وانپورہ گریز کے بشیر احمد میر نامی ایک شخص کے خلاف (بقیہ 03 صفحہ 03 پر)

ملک میں 24 گھنٹے میں کورونا کے 47 مثبت کیس رپورٹ

اسلام آباد (صباح نیوز) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں 12 ہزار 369 کورونا ٹیسٹ کئے گئے ہیں۔ این آئی (بقیہ 24 صفحہ 03 پر)

چھڑھ کے رہائشی محمد جاوید خان انتقال کر گئے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ کے نواحی گاؤں چھڑھ کے رہائشی سردار محمد جاوید خان انتقال کر گئے، انہیں آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ میں سرکردہ (بقیہ 23 صفحہ 03 پر)

معلمین قرآن کے مطالبات پورے ہونے پر تشکر کا اظہار

کھائی گلہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے معلمین قرآن کا دیرینہ مطالبہ منظور کر کے معلمین کے دل جیت لئے ہیں جس پر ہم وزیراعظم آزاد کشمیر (بقیہ 22 صفحہ 03 پر)

مسلم لیگ ن آزاد کشمیر میں مضبوط و منظّم ہے، اعجاز کٹھانہ

کارکنان اتحاد و یکجہتی کی فضا برقرار رکھیں اور بلدیاتی انتخابات کی تیاری کریں

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں جس مضبوط انداز میں مظلوم کشمیریوں کا مقدمہ پیش کیا اس کی نظیر نہیں ملتی عالمی فورم پر بھارتی سازشوں کو بے نقاب کیا اس پر پوری قوم وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی مشکور ہے وزیراعظم پاکستان نے مدلل انداز میں وکیل بن کر مظلوم نہتے کشمیریوں کا مقدمہ پیش کیا ہے ان خیالات (بقیہ 19 صفحہ 03 پر)

شاہ زیب ارشد کا ضلعی انتظامیہ کے اقدامات کا خیرمقدم

شہر میں ٹریفک مسائل سمیت دیگر معاملات کی بھی فوری اصلاح کا مطالبہ

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) معروف سیاسی وسماجی رہنما شاہ زیب ارشد نے کہا ہیکہ ڈپٹی کمشنر نے بطور ایڈمنسٹریٹر بلدیہ راولاکوٹ کو چار میگا پروجیکٹ فراہم کیئے جن میں پوٹھی سرکاری قبرستان، دو روڈز ایک سرکٹ ہاؤس تا نالہ بازار روڈ ایک سلاٹر ہاؤس بھی شامل ہے ہے جس پر انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں اور اس امید (بقیہ 05 صفحہ 03 پر)

راجستھان میں دو کشمیری نوجوانوں کو گرفتار کرلیا گیا

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارتی ریاست راجستھان میں پولیس نے مقبوضہ جموں وکشمیر کے ضلع پونچھ سے تعلق رکھنے والے دو نوجوانوں کو گرفتار کرلیا ہے۔ نوجوانوں (بقیہ 04 صفحہ 03 پر)

باغ، بلدیاتی انتخابات میں خواتین کے کردار پر کانفرنس

نوجوانوں کے بنیادی مسائل کو حل کرنے کیلئے اقدامات پر بھی تربیت

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سی پی ڈی آر کے زیر اہتمام بلدیاتی الیکشن میں خواتین اور نوجوانوں کا کردار پر گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے معروف دانشور ارشاد محمود، پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما ذوالفقار عباسی، سیکرٹری ریٹائرڈ راجہ ارشاد نے کہا ہے کہ بلدیاتی الیکشن وقت کی ضرورت ہے، بلدیاتی اداروں میں خواتین اور نوجوانوں کے لیے نشستوں پر ساڑے بارہ فیصد نمائندگی رکھی (بقیہ 18 صفحہ 03 پر)

لطیف اکبر کے خلاف ریمارکس قابل مذمت، وزیراعظم فوری معافی مانگیں، پیپلز پارٹی پونچھ

چوہدری لطیف اکبر آزاد کشمیر کی سیاست کا ایک معتبر نام ہیں اور ان کا بے داغ سیاسی کردار بھی سب کے سامنے ہے

وزیراعظم نے زبان درازی کر کے یہاں کے پرامن سیاسی ماحول کو خراب کرنے کی سازش کی، عامر خورشید و دیگر کی تشویش

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر ضلع پونچھ نے اپوزیشن لیڈر چوہدری لطیف اکبر کے خلاف وزیراعظم آزاد کشمیر کی طرف سے بیان کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور پیر کے روز احتجاجی مظاہرہ کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ وزیراعظم اپنے بیان اور لغو زبان استعمال کرنے پر فوری معافی مانگیں ورنہ ان کا پونچھ میں داخلہ بند کردیں گے اور اینٹ کا جواب پتھر سے دیں گے، ہم آزاد کشمیر میں کسی کو بے ہودہ کلچر کو پھیلانے اور پرامن سیاسی ماحول خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، ان سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے ہر فورم پر شدید مزاحمت کریں گے، گزشتہ روز ہفتہ کو پاکستان پیپلز پارٹی (بقیہ 06 صفحہ 03 پر)

ریڈ فاؤنڈیشن سکول کھڑک گرلز پرائمری میں محکمہ صحت کے زیر اہتمام ٹائیفائیڈ پر آگاہی سیشن

اساتذہ، طلبہ وطالبات کو ٹائیفائیڈ کی وجوہات، علامات، حفاظتی تدابیر اور علاج کے بارے میں مفید معلومات فراہم

تمام والدین، اساتذہ اور طلبہ وطالبات کو ٹائیفائیڈ کے خلاف جنگ میں محکمہ صحت کا ساتھ دینا ہوگا، سجاد حنیف کی گفتگو

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ریڈ فاؤنڈیشن سکول کھڑک گرلز اور پرائمری میں محکمہ صحت کے زیر اہتمام ٹائیفائیڈ کے حوالے سے آگاہی سیشن منعقد کیا گیا۔ جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جواد افضل کیانی اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر EPI سجاد حنیف نے اساتذہ اور طلبہ وطالبات کو ٹائیفائیڈ کی وجوہات، علامات، حفاظتی تدابیر اور علاج کے بارے میں مفید معلومات فراہم کیں۔ سجاد حنیف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 2016/17 میں پاکستان میں (بقیہ 25 صفحہ 03 پر)

باغ، پی ٹی آئی کے جلسہ کی کامیابی کیلئے خواتین متحرک

کشمیر کی مائیں، بہنیں اور بیٹیاں اپنے قائد کی جھلک دیکھنے کیلئے بے تاب

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سابق وزیراعظم پاکستان وچیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کا 29 ستمبر کو جلسہ عام کامیاب بنانے کے لئے تحریک انصاف خواتین ونگ متحرک ہوگئی، گذشتہ روز تحریک انصاف کی ممبر قانون ساز اسمبلی وصدر پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر خواتین ونگ محترمہ تقدیس گیلانی کی رہائش گاہ پر خواتین کا جلسہ عام کے حوالہ سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں (بقیہ 17 صفحہ 03 پر)

این ایس ایف جامعہ پونچھ کے زیراہتمام سیمینار کا انعقاد

56 سالہ خدمات کے پیش نظر اپنی بھرپور جدوجہد کو جاری رکھنے کا بھی عزم

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) این ایس ایف جامعہ پونچھ کے زیر اہتمام جامعہ کے ہاسٹل میں این ایس ایف کے یوم تاسیس پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار "56 سالہ ناقابلِ مصالحت جدوجہد" کے عنوان سے منعقد کیا گیا۔ اس سیمینار میں ایڈیٹر "عزم" بدر رفیق، چیئرمین سٹڈی سرکل ڈاکٹر سعد الحسن، ضلعی چیئرمین سبحان عبدالمالک، چیئرمین جامعہ پونچھ مجیب خان اور آرگنائزر پی جی سی (بقیہ 16 صفحہ 03 پر)

فوڈ اتھارٹی نے لاکھوں روپے کا نقصان پہنچایا، بزورک فوری نوٹس لیں، ہول سیل ایسوسی ایشن

ذمہ داران گاڑیاں روک کر چیکنگ کے بہانے رجسٹرڈ فوڈ کمپنیوں کے پروڈکٹس کو ناقص قرار دے کر تلف کرتے ہیں

ہم جو بھی فوڈ پراڈکٹس سیل کرتے ہیں وہ پاکستان کی نامور کمپنیوں کی ہیں اور ISO سے منظور شدہ ہیں، وسیم خورشید و دیگر کی گفتگو

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) فوڈ اتھارٹی راولاکوٹ نے لاکھوں روپے کا نقصان پہنچایا ہے۔ رجسٹرڈ کمپنیوں کی اشیا فروخت کرتے ہیں اس کے باوجود کمپنیوں کے ذمہ داران کو آگاہ کیا کہ آئے روز فوڈ اتھارٹی ضلع سیلرز کو بھاری نقصان پہنچ رہا ہے۔ ہول سیلر ایسوسی ایشن کے ذمہ داران مرکزی نائب صدر تنظیم تاجران پاکستان سردار وسیم خورشید کے پاس پہنچ گئے۔ انہوں نے تاجران رجسٹرڈ اشیاء کو تلف کردیا جاتا ہے جس سے ہول پونچھ ہماری گاڑیاں روک کر چیکنگ کے بہانے رجسٹرڈ فوڈ کمپنیوں کے پروڈکٹس کو ناقص قرار دے کر تلف کرتے ہیں جس سے ہمارا بھاری نقصان ہو رہا ہے۔ ہول (بقیہ 26 صفحہ 03 پر)

انجمن تاجران کھائی گلہ کا قیام ہمارا خواب تھا جس کی تعبیر 29 ستمبر کو ہوگی، سردار پرویز خان

گزشتہ کئی برسوں سے جدوجہد کر رہے تھے بالآخر ہماری جدوجہد رنگ لائی، کھائیگلہ کے تاجروں کی دیرینہ خواہش پوری ہوئی

تاجران کے مسائل اور ان کے حقوق کا تحفظ ہمارے پینل کی اولین ترجیح ہے، دفتر کی افتتاحی تقریب سے ماما ارشاد و دیگر کا خطاب

کھائی گلہ (نمائندہ خصوصی) انجمن تاجران کھائی گلہ کا قیام ہمارا خواب تھا جس کی تعبیر 29 ستمبر کو تاجران کے پلیٹ فارم کی صورت میں ہوگی، ہار جیت کی دوڑ سے بالاتر ہو کر ہم اس عمل کا حصہ بنے ہیں، انجمن تاجران کھائی گلہ کیلئے ہم گزشتہ پانچ سالوں سے جدوجہد کر رہے تھے بالآخر ہماری جدوجہد رنگ لائی اور کھائی گلہ کے تاجروں کی دیرینہ خواہش پوری ہوئی۔ ان خیالات کا اظہار سردار محمد پرویز خان نے حقیقی تاجر پینل کے الیکشن آفس کی افتتاحی (بقیہ 07 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد میں ڈینگی کا ایک اور مریض جاں بحق

اسلام آباد/پشاور (صباح نیوز) اسلام آباد میں ڈینگی سے ایک اور شخص انتقال کر گیا، جس کے بعد رواں سال وفاقی دارالحکومت میں ڈینگی سے ہلاکتوں کی تعداد 6 ہوگئی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ڈاکٹر زعیم ضیا کا کہنا ہے (بقیہ 15 صفحہ 03 پر)

بہوقتل کیس، صحافی ایاز امیر کا ایک روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد کی مقامی عدالت نے صحافی ایاز امیر کا ایک روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ صحافی ایاز امیر کو ڈیوٹی مجسٹریٹ سول جج زاہد ترمذی کی عدالت میں پیش کیا گیا ہے، پولیس نے عدالت (بقیہ 14 صفحہ 03 پر)

لطیف اکبر کے خلاف لغو زبان کا استعمال، وزیراعظم کیخلاف بھرپور احتجاج کریں گے، اعجاز صدیقی

چوہدری لطیف اکبر کو جملہ سیاسی پارٹیوں کے کارکنان قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور وہ آزاد کشمیر میں یکساں مقبول ہیں

ہم تنویر الیاس کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ ایسی توہین آمیز گفتگو کرنے سے پہلے ذرا شہباز گل سے اُن کا حال احوال پوچھ لیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے مرکزی ڈپٹی چیف آرگنائزر سردار اعجاز صدیقی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سیاست سے نابلد شخص کو عمران خان نے پیسے لے کر آزاد کشمیر میں وزارت عظمٰی کی کرسی پر بیٹھا دیا ہے قانون ساز اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر وسابق صدر پیپلز پارٹی آزاد کشمیر چوہدری لطیف اکبر کے خلاف وزیراعظم آزاد کشمیر تنویر الیاس نے لغو زبان استعمال کر کے ذہنی پستی اور اپنے کھوکھلے پن کا اظہار کیا ہے آج ضلع پونچھ میں وزیراعظم آزاد کشمیر کی طرف سے چوہدری لطیف اکبر کے خلاف توہین آمیز زبان استعمال کرنے کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائے گا ان خیالات (بقیہ 27 صفحہ 03 پر)

کھائی گلہ:۔ سردار پرویز خان حقیقی تاجر پینل کھائی گلہ کے دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں۔

پاکستان پیپلز پارٹی حلقہ 5 پونچھ کا بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے 6 رکنی بورڈ تشکیل

عامر خورشید، سید دلاور بخار، ڈاکٹر شیراز، ابرار حسین حقانی، خان سجاد، طاہر عزیز اس بورڈ کے ممبران بھی نامزد

بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے کارکنان شیڈول کے مطابق اپنے کاغذات فوری طور پر جمع کروائیں، مقررین کا خطاب

ہورنہ میرہ (دھرتی نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی راولاکوٹ LA 22 پاچھیوٹ حلقہ پانچ کا بلدیاتی انتخابات کے لئے چھ رکنی بورڈ پاکستان پیپلز پارٹی ضلع پونچھ کے صدر سردار عامر خورشید نے تشکیل دے دیا ہے۔ اس بورڈ میں مندرجہ ذیل شخصیات کو باضابطہ طور پر نامزد کر دیا گیا ہے۔ جس میں ضلع پونچھ کے صدر سردار عامر خورشید سابق امیدوار اسمبلی سید دلاور بخاری صدر حلقہ پانچ ڈاکٹر سردار محمد شیراز خان ممبر CEC سردار ابرار حسین حقانی ممبر (بقیہ 08 صفحہ 03 پر)

جامعہ پونچھ، 28 ستمبر کو 11 بجے پرندوں کے شو کا اہتمام ہوگا

ویکسی نیشن کے بعد معائنہ اور ادویات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے گی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ کی فیکلٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز کے شعبہ لائیو سائنس اینڈ پولٹری پروڈکشن کے طلبہ نے 28 ستمبر کو دن 11 بجے سے 02 بجے تک یونیورسٹی کیمپس میں پرندوں کے شو (showbridKashmir) کا اہتمام کیا گیا ہے جس میں (بقیہ 09 صفحہ 03 پر)

شام میں کشتی الٹ گئی، 45 بچوں سمیت 76 تارکین وطن ہلاک

دمشق (صباح نیوز) لبنان سے اچھے مستقبل کے لیے یورپ جانے والے تارکین وطن کی کشتی شام کے ساحل پر الٹ گئی جس (بقیہ 10 صفحہ 03 پر)

سرینگر، جموں ہائی وے پر خانہ بدوش خاندانوں کی پیدل نقل وحرکت پر پابندی

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں قابض حکام نے 270 کلومیٹر طویل سرینگر جموں ہائی وے پر خانہ بدوش خاندانوں کے اپنے مویشیوں کے ساتھ پیدل نقل وحرکت پر پابندی لگادی ہے۔ حکم نامے میں خانہ بدوش خاندانوں (بقیہ 13 صفحہ 03 پر)

سرینگر، امیت شاہ یکم اکتوبر کو اعلی سطحی سیکورٹی اجلاس کی صدارت کریں گے

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی وزیر داخلہ امیت شاہ 30 ستمبر سے شروع ہونے والے تین روزہ دورہ مقبوضہ جموں وکشمیر کے دوران سرینگر اور جموں میں اہم اجلاسوں کی صدارت کریں گے۔ بھارتی وزیر داخلہ اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے (بقیہ 12 صفحہ 03 پر)

کپواڑہ میں دو کشمیری نوجوان شہید

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی فوج نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائی میں اتوار کو ضلع کپواڑہ میں دو نوجوانوں کو شہید کردیا۔ فوجی اہلکاروں نے نوجوانوں کو کنٹرول (بقیہ 11 صفحہ 03 پر)

چیف ایڈیٹر و پبلیشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com